# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعۃ المبارک مورخہ 07 جنوری 2011 بمطابق 02 صفر 1432 ہجری صبح گیارہ بجکر دو منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت قرآن پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيْطَٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

ٱلنَّبِيُّ أَوْلَىٰ بِٱلْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنفُسِهِمْ ۖ وَأَزْوَٰجُهُۥٓ أُمَّهَٰتُهُمْ ۗ وَأُو۟لُوا۟ ٱلْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَىٰ بِبَعْضٍ فِي كِتَٰبِ ٱللَّهِ مِنَ ٱلْمُؤْمِنِينَ وَٱلْمُهَٰجِرِينَ إِلَّآ أَن تَفْعَلُوٓا۟ إِلَىٰٓ أَوْلِيَآئِكُم مَّعْرُوفًا ۚ كَانَ ذَٰلِكَ فِي ٱلْكِتَٰبِ مَسْطُورًا O وَإِذْ أَخَذْنَا مِنَ ٱلنَّبِيِّـۧنَ مِيثَٰقَهُمْ وَمِنكَ وَمِن نُّوحٍ وَإِبْرَٰهِيمَ وَمُوسَىٰ وَعِيسَى ٱبْنِ مَرْيَمَ ۖ وَأَخَذْنَا مِنْهُم مِّيثَٰقًا غَلِيظًا O لِّيَسْـَٔلَ ٱلصَّٰدِقِينَ عَن صِدْقِهِمْ ۚ وَأَعَدَّ لِلْكَٰفِرِينَ عَذَابًا أَلِيمًا۔

(ترجمہ): نبی مومنوں کے ساتھ خود انکے نفس سے بھی زیادہ تعلق رکھتے ہیں اور آپ کی بیبیاں ان کی مائیں ہیں اور رشتہ دار کتاب اللہ میں ایک دوسرے سے زیادہ تعلق رکھتے ہیں بہ نسبت دوسرے مومنین اور مہاجرین کے مگر یہ کہ تم اپنے دوستوں سے کچھ سلوک کرنا چاہو تو وہ جائز یہ بات لوح محفوظ میں لکھی جا چکی تھی۔ اور جبکہ ہم نے تمام پیغمبروں سے ان کا اقرار لیا اور آپ سے بھی اور نوحؑ اور ابراہیمؑ اور موسیٰؑ اور عیسیٰؑ ابن مریمؑ سے بھی اور ہم نے ان سے خوب پختہ عہد لیا۔ وآخِرُ الدَعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔ فرنٹیئر لاء کالج کے طلباء اور طالبات کو اسمبلی کے اجلاس میں آمد پر خوش آمدید کہتا ہوں۔

(تالیاں)

## نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

Mr. Speaker: 'Questions' Hour': Saqibullah Khan, Question No. 1211, this is pending. Noor Sahar Bibi, not present, it lapses. Dr. Zakirullah Sahib, Question No. 1294?

* 1294 _ ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کو حکومتی امور بطریقہ احسن سرانجام دینے کیلئے رقم کی ضرورت ہوتی ہے جو کہ صوبائی حکومت مہیا کرتی ہے؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ ہر ضلعی سالانہ ترقیاتی پروگرام (ADP) میں جناب وزیر اعلیٰ صاحب اور جناب وزیر خزانہ صاحب کی صوابدید پر کچھ رقم خرچ کرنے کیلئے مختص کی جاتی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو جون 2008ء سے جون 2010ء تک وزیر اعلیٰ صاحب اور جناب وزیر خزانہ صاحب کی صوابدید پر کتنی رقم مختص کی گئی تھی اور مورخہ 15 اکتوبر 2010ء تک جناب وزیر اعلیٰ صاحب اور جناب وزیر خزانہ صاحب کی ہدایات کے مطابق یہ رقم کن کن اضلاع میں اور کن کن منصوبوں پر خرچ کی گئی ہے، سکیم وائز بمعہ مقام تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد ہمایون خان (وزیر خزانہ): (الف) درست ہے، ہر ضلع کا پی ایف سی ایوارڈ کے فارمولے کے مطابق بجٹ میں حصہ متعین ہے اور اس کے مطابق ماہواری اور سہ ماہی اقساط کی بنیاد پر متعلقہ ضلعی اکاؤنٹ میں منتقل کیا جاتا ہے۔

(ب) درست ہے۔

(ج) مندرجہ ذیل رقوم جناب وزیر اعلیٰ صاحب اور جناب وزیر خزانہ صاحب کی صوابدید پر سالانہ ضلعی ترقیاتی بجٹ میں مخصوص کی گئی ہیں۔

(1) جون 2008 سے جون 2010 تک:

| جناب وزیر خزانہ صاحب | جناب وزیر اعلیٰ صاحب | مالی سال |
|---|---|---|
| 60.900 | 121.800 | 2008-09 |
| 67.086 | 134.173 | 2009-10 |
| 127.986 | 255.973 | ٹوٹل |

(2) جون2010ء سے15اکتوبر2010:

| جناب وزیر خزانہ صاحب | جناب وزیر اعلیٰ صاحب | مالی سال |
|---|---|---|
| 75.000 | 150.000 | 2010-11 |
| 75.000 | 150.000 | ٹوٹل |

(3) ضلع وائز/ سکیم وائز تفصیل فراہم کر دی گئی ہے۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: دا جی دومرہ نہایت اھم سوال دے چہ پہ ضمنی باندے بہ زما تسلی اونشی نو زہ پہ دے سوال باندے د رول 48 تحت نوټس ورکوم جی Detailed discussion د پارہ۔

جناب سپیکر: Written راکړئ جی۔

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: ښہ جی۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر ذاکر اللہ خان، Again دا-----

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: سوال نمبر؟

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: سوال1296۔

جناب سپیکر: جی۔

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: د دے سوال پہ دے (ب) جز کښے-----

Mr. Speaker: Any supplementary?

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: ھاں جی۔ پہ دے (ب) جز کښے ما تپوس کړے وو چہ "آیا یہ بھی درست ہے کہ ہر محکمہ کیلئے ترقیاتی فنڈ بھی دیا جاتا ہے؛" جواب دوئ لیکی جی "جی نہیں"، زہ د منسټر صاحب نہ لږ تپوس کومہ چہ د محکمو نومونہ د ما تہ اوښائی چہ کومو محکمو تہ ترقیاتی فنډ نہ دے ورکړے شوے۔

جناب سپیکر: جی جناب آنریبل فنانس منسٹر صاحب۔

وزیر خزانہ: دغه چه کوم فنډ دے جی، ډیویلپمنټل فنډ د پی اینډ ډی سره Related دے جی او هغه Already budget کښے پاس شوے دے جی او د دے اسمبلئ نه دغه شوے دے جی، نو زه خو دغه چه کوم نور ډیټیلز دی، هغه فنانس والا، هغه مونږ Provide کړی دی جی۔

جناب سپیکر: جی ډاکٹر صاحب۔

ډاکٹر ذاکراللہ خان: جی دوئ بره هم پرے لیکلی دی چه کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے جی، که دا نه وے نو په هغه ټائم کښے به اسمبلئ دا سوالونه واپس کړی وو چه دا خطا وے، پی اینډ ډی ته دغه کړه، که فرض کړه اسمبلئ ښه برابر محکمے ته لیږلے وو او محکمے دوئ له جواب راکړے دے بیا دے محکمے له پکار وو چه پی اینډ ډی ته ئے دغه کړے وے، که جواب ئے راکړے وے نو زه خو تش د هغه محکمو تپوس کومه چه یره کومو محکمو ته دا ترقیاتی فنډ نه دے ورکړے شوے، صرف د هغه محکمو نومونه راته واخلئ جی۔

جناب سپیکر: The supplementary is very clear، جواب ورکړئ جی۔

وزیر خزانہ: جناب سپیکر صاحب، یو خو ډسټرکټ ډیویلپمنټ فنډ دے کوم چه پی ایف سی د لاندے ډسټرکټ ته ځی جی، باقی بعض داسے ډیپارټمنټس دی چه هغے کښے ډیویلپمنټ لکه اوس Suppose فنانس ډیپارټمنټ دے، هغه ډیو یلپمنټ پخپله On it own نه کوی جی کنه او د هغے نه علاوه چه کوم پی اینډ ډی ډیپارټمنټ Annual Development Plan جوړوی جی نو Already د اسمبلئ نه Approve شوے دے خو چونکه زمونږ دا خیال وو چه دا ټول ممبران صاحبان پخپله د دے نه تیر شوی دی، د خپل ډسټرکټس ایلوکیشنز ورته معلوم دی جی او که بیا هم ذاکراللہ خان دغه کوی نو مونږ به ډیټیل دوئ ته Provide کړو۔

جناب سپیکر: جی ډاکٹر صاحب۔

ډاکٹر ذاکراللہ خان: زه تپوس کومه جی، که داسے محکمے وی جی چه هغه په کال کښے هیڅ قسم ترقیاتی کار نه کوی، د خلقو د خیر ښیګړے کار نه کوی نو د دے

محکمو بیا ضرورت څه دے چه مونږ په هغے باندے دومره زیاتے پیسے خرچ کوؤ او دومره زیات زمونږ د دے بجټ حصه په هغے باندے لګی؟

جناب سپیکر: دا کلیئر نه شو کنه، ډاکټر صاحب کلیئر نه شو۔ تاسو۔۔۔۔

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: زه هم جی د دغه محکمو تپوس کول غواړمه چه ما ته د محکمو نومونه اوښایئ چه هغوی ته د ترقیاتی بجټ ضرورت نشته او هغه د خلقو د خیر ښیګړے کار نشی کولے نو مونږ ولے د هغوی د پاره دومره تکلیفونه کوؤ چه یره د دے نه زیات، لکه هغوی ته دا سیلریز کښے یا دا نور څیزونو کښے په اربونو روپئ ورته ورکوؤ چه هغوی د خلقو د خیر ښیګړے کار نه کوی؟ دا ډیره کلیئر خبره ده۔ ګوره د دوئ محکمے چه دا ترقیاتی کارونه نه کوی، د خلقو د خیر ښیګړے کار نه کوی او په بجټ کښے دوئ ته ایلوکیشن نه کوی نو زه خو وایم چه هغه محکمے ختمول پکار دی او که نه؟ نو ما ته ډیټیل د هغوی نومونه واخلی که کومو محکمو ته دوئ وائی، دا تاسو جی ډیر زیات کلیئر خبره "*جی نہیں محکمہ خزانہ ہر محکمے کو ترقیاتی فنڈ مہیا نہیں کرتا*" نو زه ورته وایم چه دوئ وائی چه مونږ ورته نه ورکوؤ او د هغه محکمو نومونه راته خالص واخلئ بس جی۔

جناب سپیکر: *جی آنریبل منسٹر صاحب۔*

وزیر خزانہ: جناب سپیکر صاحب، دوه فنډز دی، یو جی Current expenditure دے کوم چه دغه کیږی، یو Development expenditure دے جی، کوم ځائے کښے چه ډیپارټمنټ فیزیبل سکیم راوړی نو هغه پی اینډ ډی پراسس کوی جی، مخکښے دغه شی او بیا اسمبلئ ته راشی نو کوم ډیپارټمنټ کښے فیزیبل سکیمز راغلی دی جی، دا سے سکیمز دی چه امبریله سکیمز دی، د ډیپارټمنټ دغه دی جی، کرنټ سائډ باندے فنانس هغوی ته فنډز ورکوی جی یا په ډسټرکټس کښے چه کوم ډسټرکټس ګورنمنټس، د ډسټرکټ اسمبلئ دغه، هغه دغه نشته، ډسټرکټ ګورنمنټ د ورکړی خو هغه ایډمنسټریټر د دغه کوی نو هغه شان فنډز Allocate کوی چرته کرنټ سائیډ باندے لکه POL Suppose شو یا سیلریز شو، هغه دغه ټائپ بجټ دغه کوی جی۔ د ذاکراللّٰه خان سوال د ډیویلپمنټ په لړ

کبنے دے چه ډیویلپمنټ بجټ دے نو ضروری نه ده چه د هر ډیپارټمنټ نه د د هغوی ډیویلپمنټ یو سکیم په ډسټرکټ کښے دغه شی جی۔

جناب سپیکر: جی ثاقب اللہ خان۔ ولے ډاکټر صاحب تسلی لا نه کیږی؟

ڈاکٹر ذاکراللہ خان: تسلی څنګه اوشوه جی؟ لکه دا سوال د دے د پاره ما کړے وو چه که دوئ جواب نشی راکولے، تاسو جی پی اینډ ډی والو ته اووایئ چه هغه د د دے جواب راکړی یا د هغے پورے ئے پینډنګ اوساتئ یا کمیټئ ته ئے حوالے کړئ، ما خو په دے باندے دا سوالونه راوړی دی۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: This is kept pending. P&D should explain, should give record of the the allocated funds, not utilized. Saqibullah Khan Chamkani. Zamin Khan Sahib, not present, it lapses. Mufti Said Janan Sahib.

مفتی سید جانان: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

جناب سپیکر: سوال نمبر 298، جی مفتی صاحب۔

مفتی سید جانان: دیکښے جی زما ضمنی کوئسچن دا دے۔

جناب سپیکر: جی؟

مفتی سید جانان: (ب) جز کښے ما لیکلی دی "اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ان IDPs کیلئے کن کن مقامات پر کیمپس بنائے گئے تھے، ہر کیمپ میں کتنے کتنے خاندان مقیم تھے، ان IDPs کو کیا سہولت میسر تھی، تفصیل بتائی جائے:" جواب کښے جی دوئ لیکلی دی، "مردان، صوابی، ملاکنڈ، نوشہرہ، چارسدہ، پشاور، ایبٹ آباد اور کوہاٹ"، بیا لاندے تفصیل کښے جی دوئ لیکلی دی، دغه کښے صرف یو مردان دے، مردان کښے شیخ شهزاد، جلاله، شیخ یاسین، مزدور آباد، صوابی یار حسین، انبار، شاه منصور، سکول شاه منصور، ملاکنډ درګئ، پلئ، رنګماله پیران، نوشهره جلوزئ، چارسده پلوسه، پشاور بیا لاندے تفصیل کښے جی، بره تقریباً ورکښے دے ایبټ آباد او کوهاټ، دا تفصیل کښے شته دے، تاسو خو که ورسره لاندے اوګورئ لږ غوندے نو ایبټ آباد او کوهاټ بیا جی تفصیل کښے نشته دے۔ د نورو ضلعو تفصیلونه شته دے چه دیکښے مطلب دا دے څومره کسان وی، څومره خاندانونه ئے ورکړی دی؟ نشته دے ورکښے، ایبټ آباد شته دے ورکښے۔ تفصیل کښے

نشته دے ، اجمال کښے شته دے ، تفصیل کښے درے ضلعے نشته دے ، ایبټ آباد نشته او کوهاټ هم جی نشته دے ، نه ئے دی ورکړی جی۔

جناب سپیکر: جی آنریبل منسٹر، لاء منسٹر صاحب۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): جی جی۔ دغه ورپسے دا ډیپارټمنټ نه خو دا تفصیلات راغلی دی خو بهرحال دوئ به ورسره کښینی، که نه وی بیا نور مزید انفارمیشن به درکړو، انفارمیشن پکار دے تاسو ته، تاسو ته به ملاؤ شی۔

Mr. Speaker: This is kept pending. Next, Mufti Syed Janan Sahib, again Question number?

مفتی سید جانان صاحب: سوال نمبر 1019 جی۔

جناب سپیکر: 1019، نہیں یہ-----

مفتی سید جانان: او جی، او۔

جناب سپیکر: یہ تو 1192 ہے۔

مفتی سید جانان: سوال نمبر 1019 جی۔

آوازیں: Reply نہیں آئی ہے۔

جناب سپیکر: دا د چا دی، منسٹر اوقاف! دا جواب ولے نه دے راغلے جی؟

مفتی سید جانان: او دغه شان هغوی به پخپله اوس جواب ورکړی۔

جناب نمروز خان (وزیر اوقاف و حج): دا جی محکمه کښے زمونږ افسر چه دے نو هغه وفات شوے وو، تیارے ئے نه وو نو فائل په ټائم باندے Submit شوے نه دے، زه دا ریکویسټ کومه چه دا د پینډنګ کړے شی، Next دغه کښے د واچولے شی۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی مفتی صاحب، مفتی کفایت اللہ۔

مفتی کفایت اللہ: جی وزیر صاحب چه کوم جواب ورکړلو نو په هغے باندے ډیر زیات حیران یم جی۔ یو کس وفات شی، دا خو اداره ده جی، دا شخصی کار خو نه دے نو د هغه وفات باندے یا د هغه تعزیت باندے یا د هغه څوک رشته دار وفات شو

نو کار به ټهپ کیږی جی؟ دا سے نه ده۔ سیکرټری دے ، بیا په هغه پسے ایډیشنل سیکرټری دے بیا ډپټی سیکرټری دے ، زه خو جی دا وزیر صاحب ته گزارش کومه ستاسو په حوالے سره چه دا خپله محکمه لږه Tight کړی جی چه جواب ولے نه راځی او بیا دا کوم جواب چه دے "عذر گناہ بدتر از گناہ" دے جی۔

جناب سپیکر: دا خو هسے هم پینډنګ دے خو دا لیږلے شوی کله دی، Question sent to department?

جناب عبدالاکبر خان: 2010-02-05 کو جی۔

جناب سپیکر: تقریباً Almost one year، د ایډمنسټریټریو سیکرټری نه د تپوس او کړے شی او Responsibility د فکس کړی۔ (تالیاں) دوئ د اسمبلئ نه هسے گپ ساز کړو، دوئ ته څو ځله وینا اوشوه، ډائریکټیوز ورته ایشو شو چه Within fifteen days به دغه ورکوئ، دا څه بے سرې توبه خبره ده چه دا څلور کوئسچنے دی او د څلورو واړو جواب نشته دے؟

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): دا مرئ مو لږه خرابه ده، مطلب دا دے دا غصه ورته لږه کمه کوئ او مطلب دا دے چه راځی به خامخا۔

جناب سپیکر: نه میاں صاحب! درے ځله ډائریکټیوز ایشو شو چه پندره ورځو کښے به جواب ورکوؤ نو چه یو کال کښے جواب نه ورکوی نو نور به څنګه۔۔۔۔

وزیر اطلاعات: ټهیک ده جی خو مرئ مو خرابه ده نو ما وئیل چه لږه گزاره کوئ۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! یہ حج منسٹری اسلام آباد بھی اس وقت کافی مشکلات میں ہے اور ہم نہیں چاہتے کہ ہمارے صوبے کی حج منسٹری بھی مشکلات میں پڑ جائے، لہذا مہربانی کر کے یہ ذرا ہاتھ ہیر چلایا کریں تاکہ ہم، پورے پاکستان میں یہ حج منسٹری کی باتیں ہو رہی ہیں۔

جناب سپیکر: صحیح بات ہے۔

جناب محمد جاوید عباسی: ہم نہیں چاہیں گے کہ یہاں بھی ایسی بات ہو۔

جناب سپیکر: محترم مفتی سید جانان صاحب، سوال نمبر؟

مفتی سید جانان: سوال نمبر 1192۔

جناب سپیکر: جی۔

* 1192 _ مفتی سید جانان: کیاوزیر ہائر ایجوکیشن آرکائیوز ولائبریریز ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف اضلاع میں عوام کی سہولت کیلئے لائبریریاں قائم ہیں اور ان میں مختلف قسم کی کتب بھی موجود ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ لائبریریوں کی تعمیر و ترقی کیلئے سالانہ بجٹ میں رقم بھی مختص کی جاتی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو گزشتہ دو سالوں کے دوران حکومت نے کن کن اضلاع کی لائبریریوں پر کتنی رقم خرچ کی ہے، ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے؟

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) گزشتہ دو سالوں کے دوران محکمہ ہذا کو مختلف لائبریریوں کیلئے ملنے والے ترقیاتی وغیر ترقیاتی فنڈز کی تفصیل درج ذیل ہے:

**DETAIL OF FUNDS PROVIDED TO THE LIBRARIES DURING PAST TWO FINANCIAL YEARS, 2008-09 AND 2009-10.**

| S.No | Name of Library | Non 2008-09 | Budget Developmental 2009-10 | Deve 2008-09 | Lopmental 2009-10 |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Peshawar public library | 18.906 | 21.332 | 9.808 | 3.250 |
| 2 | Abbottabad public library | 1.733 | 2.046 | 0.800 | 0.800 |
| 3 | Mardan Public Library | 1.492 | 1.816 | 0.500 | 0.500 |
| 4 | Banuu Public Library | 1.196 | 1.887 | 0.200 | 0.500 |
| 5 | Mufti Mahmood | 0.578 | 0.830 | 0.200 | 0.500 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | Public Library D.I.Khan | | | | |
| 6 | Swat Public Library | 0.360 | 0.893 | - | 0.650 |
| 7 | Swabi Public Library | 1.016 | 1.090 | 1.103 | 0.500 |

مفتی سید جانان: مطمئن یم جی۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ محترمہ نور سحر بی بی، موجود نہیں۔ نصیر محمد خان، سوال نمبر جی؟

جناب نصیر محمد میداد خیل: سوال نمبر 1263۔

جناب سپیکر: جی۔

* 1263 _ جناب نصیر محمد میداد خیل: کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے 11-2010 کے اے ڈی پی میں پندرہ کالجز بنانے کی سکیمیں شامل کی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ کالجوں میں جنوبی اضلاع کا کتنا حصہ بنتا ہے، ان اضلاع کو کتنے کالجز دیئے جائیں گے؛

(ii) جنوبی اضلاع میں کون کونسے مقامات موزوں ہیں، ان کی نشاندہی کی جائے؛

(iii) اگر حکومت کا جنوبی اضلاع کو کالج دینے کا ارادہ نہیں ہے تو اس کی مکمل وجوہات بیان کی جائیں؛

(iv) حکومت مذکورہ کالج کہاں کہاں بنانے کا ارادہ رکھتی ہے، ان کالجوں کا پہلے سے موجود کالجوں سے کتنا فاصلہ ہے اور یہ کن اضلاع اور حلقوں میں ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے لیکن سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے سال 11-2010 میں شامل تمام نئے منصوبوں کو صوبائی حکومت نے منجمد کر دیا ہے اور یہ ہدایات جاری کی ہیں کہ ان پر ہر قسم کی کارروائی روک دی جائے، اسلئے اس سکیم پر بھی کارروائی روک دی گئی ہے۔

(ب) (i) صوبائی محکمہ اعلیٰ تعلیم کے پاس کوئی ایسا منظور شدہ فارمولا موجود نہیں ہے جس کے تحت صوبے کے مختلف علاقوں کو کالجز کے قیام کا خصوصی حصہ دیا جائے۔

(ii) محکمہ اعلیٰ تعلیم کے پاس کوئی ایسی فہرست دستیاب نہیں ہے جس کے ذریعے جنوبی اضلاع میں کالجوں کے قیام کا موزوں مقامات کا پتہ چل سکے۔

(iii) صوبائی حکومت نے پہلے ہی سے جنوبی اضلاع میں گورنمنٹ کالجوں کا ایک جال بچھایا ہوا ہے۔ اسکے علاوہ اگر مزید کالجوں کے قیام کی ضرورت پیش آئی تو اس پر ضرور غور کیا جائے گا۔

(iv) اس کا جواب (الف) میں دیا جا چکا ہے کیونکہ منصوبے کے منجمد ہونے کی وجہ سے اس پر ہر قسم کی کارروائی روک دی گئی ہے۔

Mr. Speaker: Any supplementary.

جناب نصیر محمد میداد خیل: یس سر۔ جناب سپیکر، اول ئے خو جواب نه وو راکړے خو بیا ئے زه ئے شکرگزار یم چه جواب ئے راکړو جی۔ که تاسو د سوال دے سر کبنے او گورئ جی، آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے 11-2010 کے اے ڈی پی میں پندرہ کالجز بنانے کی سکیمیں شامل کی ہیں؟ نو دوئ جواب کبنے وائی جی: "جی ہاں، درست ہے لیکن سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے سال 11-2010 میں شامل تمام نئی سکیموں کو صوبائی حکومت نے منجمد کر دیا ہے اور یہ ہدایات جاری کی ہیں کہ ان پر ہر قسم کی کارروائی روک دی جائے اسلئے اس پر بھی کارروائی روک دی گئی ہے۔" جناب سپیکر، تر څومره پورے چه د Disaster د وجے نه په اے ډی پی باندے کار بند شو خو کارروایانے خو نه دی بند شوی نو دوئ له دا پکار دی چه په دے پندره کالجز کبنے، چه دا کوم سوالونه ما لاندے کړی دی چه دے جنوبی اضلاع ته ئے څه د ورکولو خیال شته او که نشته دے؟ نو دوئ وائی چه نه جی، مونږ دے ته ډیر زیات کالجونه ورکړی دی د نورو کالجونو ضرورت ورته نشته دے۔ د دے مطلب دا دے چه دے جنوبی اضلاع ته د کالج ورکولو پروګرام د موجوده حکومت په دے کال کبنے نشته دے۔ جناب سپیکر، تاسو که دے 4 نمبر سوال ته او گورئ: حکومت مذکورہ کالج کہاں کہاں بنانے کا ارادہ رکھتی ہے، ان کالجوں کا پہلے سے موجود کالجوں سے کتنا فاصلہ ہے اور یہ کن اضلاع اور حلقوں میں ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟ اس کا جواب نمبر شمار (الف) میں دیا جا چکا ہے کیونکہ منصوبے کے منجمد ہونے کی وجہ سے اس پر ہر قسم کی کارروائی روک دی گئی ہے۔ نو چونکه کارروائی رکاؤ شوله نو دا سوال هم، زه به تاسو

ته دا ریکویسټ کومه چه پینډنګ اوساتئ چه کله دوئ په دے باندے کارروائی کوی نو دا جواب د دوئ مونږ ته بیا راکړی۔

Mr. Speaker: Ji, honourable Minister for Higher Education.

مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: ستاسو هم سپلیمنټری سوال دے ؟ جی, مفتی سید جانان۔

مفتی سید جانان: زه جی دا وایم چه دوئ وئیلی دی چه 11-2010 اے ډی پی منجمد ده، دا د ټولے صوبے د پاره منجمد ده او که نه د څنو ضلعو د پاره منجمد ده؟ زه خو دا وایم چه دا صرف مطلب دا دے چه یو څو اضلاع دی چه د هغے د پاره منجمد ده ګنی نو د اے ډی پی سکیمونه اوس هم بعضے ځایونو کښے چلیږی جی، چا ته به پته وی ایوان کښے جی۔

Mr. Speaker: Ji, honourable Minister for Higher Education.

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: تھینک یو، سر۔ سر، یہ جو آنریبل ممبر نصیر محمد خان صاحب نے بات کی ہے کہ اس پر کارروائی کرنی چاہیئے، آپ کو پتہ ہے کہ اے ڈی پی کو Freeze اسلئے کیا گیا تھا کہ Flood damages کی وجہ سے ہمارے پاس اتنی Amount نہیں تھی کہ ہم اپنے نارمل فنڈ سے ان نقصانات کا ازالہ کر سکتے، فنڈ ہے نہیں تو اس پر کونسا پراسس ہم کریں؟ جب ملیں گے، جب Unfreeze ہو جائیں گے تو پھر وہ پراسس ہوگا۔ سر، اس پر سارے جتنے بھی ڈیمانڈز ہیں تمام ممبرز کے، اس پر بیٹھیں گے Prioritize کر کے پھر چیف منسٹر صاحب کے پاس وہ چیز جائے گی اور اس کے بعد وہ فائنل ہو گا لیکن اب کہہ رہے ہیں ایک کام آپ نہیں کر رہے تو کیسے؟ ایک چیز کیلئے فنڈنگ نہیں تو میں کیسے اس پر کام کروں؟ اور دوسری بات، سید جانان صاحب نے فرمایا سر، یہ سارے صوبے کیلئے ہے، کسی ساؤتھ کیلئے یا باقی ضلعوں یا علاقوں کیلئے مختلف نہیں ہے، پورے صوبے میں ایک پالیسی ہے اور سارے صوبے میں اے ڈی پی Freeze ہوا ہے۔

جناب سپیکر: Totally freezed ہے؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: جی سر۔ Totally freeze ده۔

Mr. Speaker: Okay. Musarrat Shafi, Ms. Musarrat Shafi Bibi

جناب نصیر محمد میداد خیل: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: هغه خو کلیئر شولو کنه، جواب خو راغلو کنه جی، بس نور پکښے څه وایئ؟

جناب نصیر محمد میداد خیل: سر، چه تر څو پورے فنډز Freeze وی نو تر هغے پورے زما دا سوال پینډنگ اوساتئ، چه کله شروع شی نو۔۔۔۔

جناب سپیکر: هغه خو به بیا وروستو۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: وہ تو جی، جب شروع ہو گا تو پھر دوبارہ سوال لے آئیں۔ اب یہ سوال پینڈنگ کرنے کا تو کوئی۔۔۔۔۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: جب ان کے فنڈز منجمد ہیں تو کیا یہ ایسے ہی بیٹھے ہوئے ہیں؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: بالکل سر، ایسے ہی بیٹھے ہوئے ہیں، ہم ترقی کا کوئی کام نہیں کر رہے ہیں۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: کلیئر جواب آگیا نا، پینڈنگ ہے۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: جناب سپیکر، یہ کلئیر جواب نہیں ہے، اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ ان کے کہنے کے مطابق جب فنڈز منجمد ہو گئے تو آیا محکموں میں کارروائیاں بھی Stop ہو گئی ہیں، کسی قسم کی کوئی Activity نہیں ہو رہی یا ویسے ہی ہاتھ پہ ہاتھ دھرے بیٹھے ہیں یہ لوگ؟

جناب سپیکر: 2010-11 کے متعلق سوال تھا؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: ایسے ہی بیٹھے ہیں لیکن جو پرانے پراجیکٹس چل رہے ہیں، ان کو تو نہیں بند کر سکتے۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: تو پھر اسی لئے سر اس کو پینڈنگ رکھ دیں، جب یہ کارروائی کر لیں تو پھر ہمیں جواب دے دیں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: آنریبل ممبر دوبارہ سوال کر سکتے ہیں۔

Mr. Speaker: The reply is very much clear. محترمہ مسرت شفیع بی بی، سوال نمبر؟

محترمہ یاسمین ضیاء: سوال نمبر 1264۔

جناب سپیکر: جی۔

* 1264 _ محترمہ مسرت شفیع ایڈوکیٹ (سوال محترمہ یاسمین ضیاء نے پڑھا): کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ تمام سرکاری ملازمین کو والدین کا علاج و معالجہ سرکاری خرچ سے کرنے کا حق حاصل ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ پشاور یونیورسٹی میں صرف مرد ملازمین کو یہ سہولت حاصل ہے جبکہ خواتین ملازمین مذکورہ سہولت سے محروم ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(1) مذکورہ خواتین کو والدین کے علاج و معالجہ کی سہولت سے محروم رکھنا پشاور یونیورسٹی کے قانون میں ہے یا پھر یہ محض ایک روایت پر مبنی ہے، نیز خواتین ملازمین کے ساتھ امتیازی سلوک کیوں کیا جارہا ہے؛

(2) آیا حکومت پشاور یونیورسٹی میں خواتین اہلکاروں کے والدین کو سرکاری خرچ پر علاج معالجے کا حق دینے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم)</u>: (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) جی نہیں، یہ درست نہیں ہے۔ خواتین ملازمین کو بھی میڈیکل کی سہولت میسر ہے جب تک وہ والدین کے گھر سے شادی کے بعد رخصت نہ ہو جائیں۔

(ج) (1) یونیورسٹی کے قانون کے مطابق شادی شدہ، رخصت شدہ خواتین کے والدین کو علاج معالجے کی سہولت نہیں دی جاتی۔ البتہ سول سرونٹس میڈیکل رولز مجریہ 1959 کے مطابق خواتین ملازمین کے والدین کو کسی امتیاز کے بغیر علاج معالجے کی سہولت حاصل ہے۔

(2) اسی سلسلے میں حکومت خیبر پختونخوا (محکمہ اعلیٰ تعلیم) نے پشاور یونیورسٹی کی انتظامیہ کو ہدایات جاری کر دی ہیں کہ یونیورسٹی کے میڈیکل رولز ترمیم کیلئے میڈیکل کمیٹی، فنانس کمیٹی اور سنڈیکیٹ کے سامنے رکھ کر شادی شدہ خواتین کے والدین کو بھی علاج معالجے کی سہولیات دی جائیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: سپلمنټری سوال پکښے شته؟

<u>محترمہ یاسمین ضیاء</u>: جناب سپیکر! اگر آپ دیکھیں اس کے جز (ب) کو۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: یاسمین ضیاء صاحبہ۔

<u>محترمہ یاسمین ضیاء</u>: جی۔ اس میں جز (ب) میں یہ دیا گیا ہے کہ آیا یہ بھی درست ہے کہ پشاور یونیورسٹی میں صرف مرد ملازمین کو یہ سہولت حاصل ہے جبکہ خواتین ملازمین کو مذکورہ سہولت میسر نہیں ہے۔ یہاں (ب) میں انہوں نے دیا ہے کہ جی نہیں، یہ درست نہیں، خواتین ملازمین کو بھی میڈیکل کی سہولت

میسر ہے جب تک کہ وہ والدین کے گھر سے شادی کے بعد رخصت نہ ہو جائیں۔ سر، اس کے (ج) پر پھر آجائیں، مذکورہ خواتین ملازمین کو اس جواب میں انہوں نے دیا ہوا ہے کہ یونیورسٹی کے قانون کے مطابق شادی شدہ رخصت خواتین کے والدین کو علاج معالجے کی سہولت نہیں دی جاتی، البتہ سول سرونٹس میڈیکل رولز مجریہ 1959 کے مطابق خواتین ملازمین کے والدین کو کسی امتیاز کے بغیر علاج معالجے کی سہولت دی جاتی ہے۔ پھر اسی طرح اس کے سیکنڈ حصے پر آجائیں سر۔ اسی سلسلے میں حکومت خیبر پختونخوا محکمہ اعلیٰ تعلیم نے پشاور یونیورسٹی کی انتظامیہ کو ہدایات جاری کردی ہیں کہ یونیورسٹی کے میڈیکل رولز ترمیم کیلئے کمیٹی فنانس اور سنڈیکیٹ کے سامنے رکھے تاکہ شادی شدہ خواتین کے والدین کو بھی علاج معالجے کی سہولت دی جائے۔ سر، یہ چونکہ تمام خواتین سے Relatedایک کوسچن ہے اور میں اس کو صرف کوسچن نہیں سمجھتی بلکہ خواتین کا حق سمجھتی ہوں۔ سر، یہاں پر دیکھیں کہ اس میں کلیئر کٹ محکمہ تعلیم خود بھی یہ بات Accept کرتا ہے کہ خواتین کے ساتھ اس میں امتیاز شامل ہے، میں یہاں پر یہ کہہ رہی ہوں کہ انہوں نے تو دیا ہوا ہے لیکن جب تک اس رولز میں ترمیم نہ ہو جائے، اس کوسچن کو اس وقت تک پینڈنگ رکھا جائے کیونکہ اس میں تمام خواتین کا حق شامل ہے اور اس کو ایک کوسچن نہیں سر، کیونکہ آپ کو پتہ ہے کہ غیر شادی شدہ خواتین کو یہ دی جاتی ہے لیکن جب شادی ہو جاتی ہے تو اس کے بعد یہ نہیں دی جاتی لیکن ان کا والدین سے رشتہ ختم نہیں ہوا ہوتا ہے، وہ بھی ایک ایمپلائی کا حق رکھتی ہے تو اس میں سنڈیکیٹ جب تک وہ نہ کرے، تمام یونیورسٹیوں کو یہ ہدایات جاری کی جائیں کہ وہ خواتین کو، اس میں امنڈمنٹ کرلیں اور جب تک امنڈمنٹ نہ ہو جائے اس کوسچن کو پینڈنگ رکھا جائے۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> عبدالاکبر خان۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> جناب سپیکر، کیا وزیر صاحب ارشاد فرمائیں گے کہ وہ سول سرونٹ ایکٹ کو یونیورسٹیز میں نافذ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں؟

<u>Mr. Speaker:</u> Ji, honourable Minister for Higher Education, please.

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم:</u> سر، Honestly speaking مجھے اس کا علم نہیں تھا، جب تک میری معزز بہن نے یہ کوسچن نہیں کیا تھا اور یہ اس میں مسئلہ تھا کہ سول سرونٹس کیلئے جو ایکٹ تھا، اس میں خواتین کیلئے یہ سہولت تھی لیکن یونیورسٹی نے نہیں رکھی تھی۔ ابھی ہم نے ان کو لکھ دیا ہے کہ آپ اس میں امنڈمنٹ کریں اور جو آپ کے فورمز ہیں جہاں پر Decisions ہوتے ہیں اس کے Throughاس کو کروادیں۔

میں نے سر، پہلے ہی کہا کہ مجھے اس کا علم نہیں تھا لیکن جب انہوں نے کیا تو ہم نے اس پر Strict action لیا اور ان کو لکھا ہے کہ کریں۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، یہ تو گورنمنٹ از خود کر سکتی ہے، امنڈمنٹ لا کر یونیورسٹیز کے جو ایکٹس ہیں کہ ان کے ملازمین ہیں، وہ سول سرونٹ ایکٹ کے تابع ہونگے۔ اب جناب سپیکر، کیا بات ہے کہ وہاں پر تو اتنے ملازمین ہیں یونیورسٹیز میں، وہاں پر ان پر سول سرونٹ ایکٹ نافذ نہیں ہوتا، ان پر لاگو نہیں ہوتا اور یہی پرابلم ہے، یہ ایک پرابلم نہیں ہے اور بھی بہت سے، یہاں پر ہم اسمبلی سے ریگولرائزیشن ایکٹ پاس کر لیتے ہیں، وہ کنٹریکٹ ایمپلائی اس کو ادھر یونیورسٹی میں ریگولرائز نہیں کیا جاتا کیونکہ سول سرونٹ ایکٹ ان پر لاگو نہیں ہے، تو یہ تو اگر حکومت چاہتی ہے تو میں امنڈمنٹ لے آؤنگا کہ یونیورسٹی میں سول سرونٹ ایکٹ ان کے ملازمین پر لاگو کیا جائے۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، انشاء اللہ ابھی Commitment کر رہا ہوں کہ مجھے، میں نے پہلے جب Admit کر لیا کہ نہیں پتہ تھا، جب پتہ چلا ہے تو میں Commitment کر رہا ہوں کہ اس میں امنڈمنٹس کریں گے۔ اگر ان کے رولز میں سے بہتر ہے کہ جو ایکٹ میں کرنا چاہتے ہیں تو پھر ایکٹ میں ترمیم کریں گے، انہی سے کہیں گے یا ہم خود لے آئیں گے لیکن اس کو ٹھیک کر کے چھوڑیں گے۔

جناب سپیکر: قاضی صاحب، اچھی بات ہے لیکن جو بھی کرنا ہے With in ten, fifteen days کر لیں، With in ten, fifteen days۔ سید قلب حسن، سید قلب حسن، سوال نمبر جی؟

سید قلب حسن: سوال نمبر 1285۔

جناب سپیکر: جی۔

* 1285 _ سید قلب حسن: کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ دور حکومت (ایم ایم اے) میں ضلع کوہاٹ کے مختلف کالجوں میں ترقیاتی کاموں کیلئے فنڈز مختص کئے گئے تھے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ دور حکومت کے مذکورہ فنڈز و کاموں کی تفصیل فراہم کی جائے؟

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔ گزشتہ دور حکومت (ایم ایم اے) میں ضلع کوہاٹ کے مختلف کالجوں میں ترقیاتی کاموں کیلئے فنڈز مختص کئے گئے تھے۔

(ب) فنڈز اور منصوبہ جات کی تفصیل فراہم کی گئی۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

سید قلب حسن: سر د دے کوئسچن نه مطمئن یمه۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ Again سید قلب حسن، سوال نمبر جی؟

سید قلب حسن: سوال نمبر 1293 سر۔

جناب سپیکر: جی۔

* 1293 _ سید قلب حسن: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کوہاٹ یونیورسٹی کے زیر انتظام سال 2010ء بی اے / بی ایس سی کا رزلٹ انتہائی خراب نکلا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کوہاٹ یونیورسٹی کے زیر کنٹرول تمام کالجوں کے بی اے / بی ایس سی کے رزلٹ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے، نیز رزلٹ خراب آنے کی وجوہات بتائی جائیں؟

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) اس ضمن میں عرض ہے کہ کوہاٹ یونیورسٹی سے الحاق شدہ گورنمنٹ کالجز (زنانہ و مردانہ) کے بی اے / بی ایس سی کے سال 2009ء و 2010 کو انتہائی خراب قرار نہیں دیا جا سکتا کیونکہ:

(i) بی ایس سی کا نتیجہ گزشتہ سال کے 56% کے مقابلے میں امسال 54.3% رہا یوں 1.7% کا معمولی فرق آگیا ہے۔

(ii) بی اے کا نتیجہ گزشتہ سال 24.4% کے مقابلے میں امسال 15.4% رہا جس میں 9% کا فرق ہے۔

(ب) نتائج حوصلہ افزاء نہ ہونے کی بڑی وجہ صوبہ کے بالعموم اور ضلع کوہاٹ میں بالخصوص دہشت گردی کی شدید لہر ہے جس کی وجہ سے زندگی کے دیگر پہلوؤں کے ساتھ ساتھ تعلیمی اداروں پر بھی گہرا اثر پڑا ہے۔ تاہم اس معاملے پر کالجوں کے پرنسپلز صاحبان کے ساتھ ایک میٹنگ رکھی جائے گی جس میں دیگر وجوہات جاننے کے ساتھ ساتھ اس اہم ایشو پر بات کی جائے گی اور ان کو ضروری ہدایات دیئے جائیں گے کہ اساتذہ آئندہ اپنی تمام تر توانائیاں تعلیمی سرگرمیوں پر صرف کرکے اچھے سے اچھے نتائج حاصل کرنے پر بھرپور توجہ دیں۔ کالج وائز رزلٹ کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

سید قلب حسن: یس سر۔ سر، دے کوئسچن کښے که تاسو اوګورئ د رزلټ په باره کښے ترینه ما معلومات کړی دی، د بی ایس سی رزلټ په باره کښے ئے دا وئیلی دی چه پچھلے سال، گزشتہ سال کے مقابلے میں 56% کے مقابلے میں امسال 54.3% رہا یوں 1.7% کا فرق ہے۔ بیا د بی اے رزلټ پچھلے سال 24.4% کے مقابلے میں 15.4%۔ سر دا پهلا کوئسچن چه کوم باره کښے ما اظهار اوکړو چه زه مطمئن یمه، د دے صرف مقصد دا وو د کوئسچن چه مونږ کروړونه روپئ لګوؤ په دے کالجونو باندے، هغوی ته Facilities ، مراعات ورکوؤ، په دے کوئسچن کښے که تاسو اوګوری دا رزلټ، په سیریل نمبر 3 باندے اوګورئ 206 سټوډنټسAppear شوی دی او 7 کسان پکښے پاس دی او داسے که تاسو نور اوګورئ نو په 56 کښے 5 کسان پاس دی، په 109 کښے څلور کسان پاس دی۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ ذرا توجہ دے دیں جی، یہ ممبر صاحب کیا کہہ رہے ہیں؟

سید قلب حسن: سر، زما په دیکښے منسټر صاحب ته دا ریکویسټ دے چه دا کوئسچن د کمیټئ ته حواله کړئ چه په دیکښے دا پته اولګی چه دا چه کوم دا رزلټ راغلے دے، 15% رزلټ، د کروړونو روپو بجټ نه بعد په دیکښے جی۔

جناب سپیکر: ټهیک شوه جی، تپوس ترینه کوؤ۔ منسټر صاحب، آنریبل منسټر صاحب۔

Minister Higher Education: Sir! Absolutely I have no objection, send it to the Committee.

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the Question asked by the honourable Member may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it; the Question is referred to the concerned Committee. Israrullah Khan Gandapur Sahib, Question number?

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، یہ سوال نمبر 810 ہے۔

جناب سپیکر: جی۔

* 810 _ جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پروانشل فنانس کمیشن ایوارڈ کے تحت صوبائی وزیر خزانہ اپنی ڈائریکیٹیوز کی مد سے کروڑوں روپے دینے کے مجاز ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ 10-2009 کے مذکورہ ایوارڈ کے تحت وزیر خزانہ کی ڈائریکیٹیوز کی رقم 5% کی بجائے 10% کر دی گئی ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ بڑھوتری کی تجویز کی منظوری کابینہ سے نہیں لی گئی جبکہ بجٹ کے وائٹ پیپر میں یہ رقم بدستور 10% موجود ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) سال 09-2008 سے تاحال مذکورہ مد میں کتنی رقم خرچ ہوئی ہے، خرچ کی تفصیل حلقہ وائز بمعہ یونین کونسل بتائی جائے؛

(ii) کیا اب یہ رقم 5% کے حساب سے استعمال ہوگی یا 10% کے حساب سے، نیز وزیر خزانہ کے اس صوابدیدی فنڈ کی گزشتہ دور میں بھی کوئی مثال موجود ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد ہمایون خان (وزیر خزانہ): (الف) اس حد تک درست ہے کہ وزیر خزانہ ضلعی ترقیاتی فنڈ میں مخصوص صرف 5% روپے دینے کے مجاز ہیں۔

(ب) درست نہیں ہے۔ ایوارڈ 10-2009 میں وزیر خزانہ کی ڈائریکیٹیوز کی رقم بدستور 5% مختص ہے، تفصیل فراہم کر دی گئی۔

(ج) درست نہیں ہے۔ صوبائی مالیاتی کمیشن کی سفارشات جن میں وزیر خزانہ کی ڈائریکٹیوز کی رقم 5% کی بجائے 10% کرنے کی تجویز شامل تھی، صوبائی کابینہ کے اجلاس منعقدہ 17 جون 2009 میں پیش کی گئی تھی لیکن کابینہ نے بڑھوتری کی تجویز کی منظوری نہیں دی، تفصیل فراہم کر دی گئی۔

چونکہ بجٹ کی کتابیں جن میں وائٹ پیپر بھی شامل ہے، کابینہ کے بجٹ اجلاس سے پہلے تیار کی جاتی ہیں، لہذا وائٹ پیپر میں تصحیح اس دوران ممکن نہیں تھی۔ البتہ پی ایف سی ایوارڈ کی اضافی سفارشات برائے مالی سال 10-2009 میں تصحیح کر کے یہ رقم 5% کے حساب سے مختص کی گئی ہے۔ تفصیل فراہم کر دی گئی۔ جبکہ بقیہ 5% رقم تمام اضلاع کے مابین فارمولے کے تحت تقسیم کر دی گئی ہے۔

(د) (i)۔ سال 09-2008 میں مذکورہ مد میں خرچ ہونے والی رقم کی تفصیل (الف و ج) میں درج ہے۔ چونکہ یہ رقم وزیر خزانہ کی طرف سے موصول شدہ (Identified) سکیموں کیلئے ضلعی A/C-

IVمیں منتقل ہوتی ہے، لہذا حلقہ وائز/یونین کونسل وائز مکمل تفصیلات ضلعی حکومتوں کے پاس موجود ہوتی ہیں۔ موجودہ مالی سال2009-10 میں تاحال اس مد سے رقم جاری نہیں ہوئی ہے۔
(ii) یہ رقم ایوارڈ2009-10 کے مطابق5% کے حساب سے استعمال ہوگی۔ صوبائی مالیاتی کمیشن نے لوکل گورنمنٹ آرڈیننس2001 کی شق 120D 1(c) کے تحت ایوارڈ برائے مالی سال2008-09 میں پہلی بار ضلعی ترقیاتی فنڈز کا5% حصہ وزیر خزانہ کی ڈائریکٹیوز کیلئے مختص کرنے کی تجویز دی تھی، جس کی توثیق صوبائی کابینہ سے اور منظوری صوبائی حکومت سے مروجہ قانون کے مطابق لی گئی تھی۔ جز(د) میں ہے۔ چونکہ کمیشن نے پہلی بار یہ رقم مختص کرنے کی تجویز دی تھی، لہذا گزشتہ دور میں اس کی مثال موجود نہیں ہے۔

Mr. Speaker: Ji, any supplementary?

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جی سر۔ اس میں سر، میری گزارش یہ ہے کہ چونکہ یہ ڈاکٹر ذاکر اللہ خان کا جو سوال ہے، اس کے Contents اور اس کے ملتے جلتے ہیں، تو جب وہ بحث کریں گے تو اس کو بھی اس کے ساتھ Club کیا جائے۔۔۔۔

Mr. Speaker: It is clubed with that.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: اور سر، ایک گزارش اور ہے اگر سنی جائے سر۔

جناب سپیکر: جی ثاقب اللہ خان، بس ایک تو ختم ہوگیا۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر ایشو تھا، آپ نے یہاں سے2010-12-09 کو ایک رولنگ دی تھی، لاء منسٹر صاحب کو آپ نے ہدایات کی تھیں کہ ڈیرہ اسماعیل میں جو بم دھماکوں میں۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی صبر کریں، اس کا کوئسچن رہتا ہے۔ جی ثاقب اللہ خان۔

جناب ثاقب اللہ خان: ډیره مهربانی، جناب سپیکر۔ زه بخښنه غواړم لږ لیټ راغلم سر، ستاسو ډیره مهربانی۔ کوئسچن نمبر 1211 دے۔

جناب سپیکر: جی۔

* 1211 _ Mr. Saqibullah khan: Will the Minister for Finance be please to state that:

(a) Is it true that loans of Bank of Khyber defaulters have been written off under the Malakand Package;

(b) If yes, provided complete details including the number of loans written off and also provide names of owners, their partners, if any,

firm names along with address, loan payment and schedule from the date when these loans were sanctioned?

<u>Mr. Muhammad Humayyun Khan (Minister for Finance)</u>: (a) Yes, in compliance with State Bank of Pakistan ACD circular No. 02 of 2009, dated December 02, 2009, agriculture loans, outstanding as on 30-09-2009 against small farmers of Malakand Division including districts of Swat, Buner, Shangla, Lower Dir, Upper Dir, Chitral and Malakand Agency were adjusted through funds provided by State Bank of Pakistan under Prime Minister Of Pakistan Relief Package by all respective banks.

(b) Total amount of loan written off through three branches of the Bank of Khyber (BOK) in Malakand Division is as follows:

(Rs. in Million)

| S. No | Branch Name | No. of farmers | Amount |
|---|---|---|---|
| 1 | Mingora | 118 | 06.840 |
| 2 | Timmergarah | 05 | 02.750 |
| 3 | Chitral | 176 | 10.601 |
| Total | | 299 | 20.191 |

As far as data concerning names and addresses etc, please note that this can be provided only upon specific instructions of SBP.

<u>Mr Speaker</u>: Ji any supplementary?

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی</u>: سر، دیکبنے یو ډیویلپمنټ شوے دے او آنریبل منسټر، فیډرل منسټر صاحب هغه بله ورځ ماته ټیلی فون کړے وو جی۔ د دوئ د سوال په جواب کبنے (b) سیکشن غلط وو جی، نو هغه بیا هغوی ما سره ډسکس کړو جی او ریکویسټ ئے ماته اوکړو چه دا که پینډنګ اوساتئ نو زه به تاسو ته د دے پوره جواب درکړم نو ریکویسټ دا دے سر چه دا بیا څه وخت دپاره پینډنګ شی نو هغوی به ئے ما ته جواب را کړی۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی آنریبل منسٹر فنانس،آنریبل منسٹر فنانس، بڑے عرصے بعد آئے ہیں اور پھر بھی ادھر ادھر گھومتے ہیں، تمھارے سوالات بھی ہیں، کیاکر رہے ہیں منسٹر فنانس صاحب، یہ صوبہ کیسے چلے گا؟

<u>جناب محمد ہمایون خان (وزیر خزانہ)</u>: جناب سپیکر صاحب، دا ثاقب خان په اصل کبنے اوس راغے جی او پرون خو پرے دغه هم شوے وو په دے باندے----

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ما دا خبره اوکړه چه دا سوال د پینډنگ اوساتی، چونکه هغه (b) سیکشن غلط وو نو۔۔۔۔

وزیر خزانہ: جی، او جی پینډنگ د اوساتی، د دے د پاره لږ مونږ۔۔۔۔

Mr. Speaker: This is kept pending. Ji, Israrullah Khan.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، یہ 2010-12-09 کو منسٹر صاحب نے ایشورنس دی تھی آپ کی رولنگ پہ، کہ دو ہفتوں کے اندر اندر، ڈی آئی خان کے بم دھماکوں میں پچھلے ڈیڑھ دو سالوں میں جو لوگ ہلاک ہو چکے ہیں، ان کو Payment کی جائیگی۔ اسمیں سر، ابھی Recent position یہ ہے کہ اس میں جو 87 زخمی افراد تھے، 42 کو Payment ہو گئی ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جناب آنریبل بشیر بلور صاحب، یہ آپ کی ایشورنس تھی، اس کا جواب دینا ہو گا۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، یہ لاء منسٹر صاحب نے دی تھی۔

جناب سپیکر: کیا؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: لاء منسٹر صاحب نے دی تھی۔

جناب سپیکر: انہوں نے دی تھی؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جی سر۔

جناب سپیکر: اچھا۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، تو اس میں ابھی Recent پوزیشن یہ ہے کہ باقی جو نام ہیں، وہ وہاں پر چونکہ ایک انکوائری چل رہی ہے اور وہاں ایسے افسران موجود ہیں جنہوں نے ان پیسوں میں غبن کیا ہے، ایک کروڑ پندرہ لاکھ کی انکوائری بنی ہوئی ہے تو میری منسٹر صاحب سے یہ گزارش ہے کہ یہ سوال نمبر جو ہے، اس کو مہربانی کر کے کمیٹی کو ریفر کر دیں تاکہ وہاں پہ یہ Thrash out ہو جائے اور جن پر Responsibility fix ہے اور جو مجروح افراد ہیں، ان کو Payment ہو جائے تو اگر یہ Agree کریں تاکہ ہم اس کو کمیٹی کو ریفر کرادیں۔

جناب سپیکر: جی آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): ہاں جی، انہوں نے بات کی تھی صبح مجھ سے، مجھے اعتراض نہیں ہے اگر کمیٹی کو بھجوانا چاہیں کیونکہ ہم نے دو ہفتوں کا ٹائم لیا تھا، And unfortunately we

couldn't do it۔ اس میں انکوائری چل رہی ہے، اس میں کچھ مسئلے مسائل ہیں تو بالکل جی، یہ کمیٹی کو ریفر کریں۔

جناب سپیکر: نہیں، کمیٹی میں جاکر کیا ہوگا؟ ایشورنس جو آپ نے دی ہے، اس کا کچھ کریں نا۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): نہیں وہ کر رہے ہیں جی، وہ تو ہائی لیول کی انکوائری چل رہی ہے، چیف منسٹر صاحب کو اس کی Recommendations چند دنوں میں آ جائیں گی تو اس پر ہم ایکشن لے رہے ہیں لیکن چونکہ ان کی خواہش ہے، وہ یہ چاہتے ہیں کہ کمیٹی میں جائے Otherwise-----

جناب سپیکر: نہیں، کمیٹی کیا کرے گی؟ جب آپ کی انکوائریاں چل رہی ہیں، کمیٹی کو خواہ مخواہ ایسے ہی ایک معاملے کو، آپ کیا کریں گے، کمیٹی میں اس کو کیا کریں گے؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، اس کمیٹی میں یہ ہوگا کہ وہ جو انکوائری ہے، اس میں ڈی سی او پر ساٹھ لاکھ ڈالے گئے ہیں، ڈی آر او پہ تیس لاکھ ڈالے گئے ہیں، ایک طرف پندرہ لاکھ کا غبن ہوا ہے، سر، کمیٹی میں یہ ہوگا کہ بجائے اس کے کہ اس کی انکوائری کی Finding کیلئے ہم رکے رہیں اور وہ تو گونمنٹ سرونٹس ہیں وہ تو کہیں پر جا نہیں سکتے، کمیٹی اپنی Recommendation میں یہ دے گی کہ گورنمنٹ ان کیلئے Fresh allocation دے تاکہ یہ جو زخمی افراد ہیں، ان کو Payments ہو سکیں۔ یہی کچھ ہو سکتا ہے کیونکہ ابھی وہ ساری چیزیں انکوائری کیلئے رکی ہوئی ہیں۔

جناب سپیکر: لاء منسٹر صاحب، کیا کریں اس کو؟ کمیٹی کیا کرے گی، اس میں جب آپ کی ایشورنس-----

وزیر قانون: دیکھیں جی، میں نے تو ایشورنس دی تھی لیکن لیٹ ہو گئی ہے Within two weeks میرا خیال تھا شاید ہو جائیگی لیکن-----

جناب سپیکر: ابھی کیا خیال ہے، کتنے دن میں ہو جائیگی؟

وزیر قانون: میں جی As such کوئی Definite time اس وقت دینے کی پوزیشن میں نہیں ہوں کیونکہ انکوائری چل رہی ہے اور ہوا اس طرح ہے کہ اس سے پہلے جو وہاں پر ایڈمنسٹریٹیو ٹیم تھی، انہوں نے کچھ Payments کی ہیں اور وہ Payment جو ہے، وہ جو Proper جو eligible لوگ ہیں، ان کو------

جناب سپیکر: Okay, okay، Next day جو آئے گا، اس پر صحیح جواب آپ دیکھیں، ہاؤس کو پیش کریں۔ تھینک یو، جی۔

ملک قاسم خان خٹک: سپیکر صاحب، زما په دیکښې یو گزارش دے چه زمونږ په کرک کښې چه کومه دهماکه شوے وه چه هغه پکښې شامل کړی، د هغے زخمیانو ته تر اوسه پورے پیسے نه دی ملاؤ، دے ضلع کرک کښې پولیس لائن باندے دهماکه شوے ده، ستائیس زخمیان چه کوم دے، څلور کسان په حق رسیدلی وو او دغسے اوشوه چه ستائیس کسان د ضلع کرک زخمیان اوسه پورے در په دړیر تکلیف کښې دی جی۔

جناب سپیکر: جی کشور کمار، آپ کیا کہتے ہیں؟

ملک قاسم خان خٹک: سر!۔۔۔۔

جناب سپیکر: ایک منٹ تو بیٹھ جائیں نا، جی ان کو بھی موقع دیدیں نا۔

جناب کشور کمار: تھینک یو، جناب سپیکر۔ میں اصل میں حکومت سے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: کشور کمار۔

جناب کشور کمار: حکومت سے سر، یہ ایشورنس چاہتا ہوں کہ جو پورے ملک میں ہمارے لئے 5% کوٹہ مختص کیا گیا ہے، ہمیں یہ بتایا جائے کہ ہمارے صوبے میں آیا کیونکہ بلوچستان میں بھی پانچ پرسنٹ ہے، سندھ میں بھی ہے اور پنجاب میں بھی ہے، آیا ہمارے صوبہ خیبر پختونخوا میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ آپ کس چیز پر بول رہے ہیں؟

جناب کشور کمار: سر میں بتاتا ہوں سر۔

جناب سپیکر: ان کے مسئلے کو سبوتاژ نہ کریں، بیٹھ جائیں۔

جناب کشور کمار: سر، اس کے بعد۔

جناب سپیکر: جی کرک بھی اس میں ذرا شامل کر لیں۔ کوئی چیز، ایسی موشن تو لے آئیں نا، اس میں کوئی چیز تو آنی چاہیئے نا، آپ کی طرف سے، ایسے ہی کھڑے ہو کر بات کرنا۔۔۔۔۔

## غیر نشاندار سوالات اور انکے جوابات

1238 _ محترمہ نور سحر: کیا وزیر خزانہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ حکومت نے وفاقی و صوبائی سطح پر گریڈ ایک سے پندرہ تک تمام سرکاری ملازمین کو Upgrade کیا تھا؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ملازمین میں سٹینو گرافر کو Upgrade نہیں کیا گیا تھا؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت نے سٹینو گرافرز کو Upgrade کیوں نہیں کیا، نیز آیا حکومت سٹینو گرافرز کو Upgrade کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد ہمایون خان (وزیر خزانہ): (الف) یہ درست نہیں ہے، بلکہ صوبائی حکومت نے وفاقی حکومت کے نوٹیفکیشن کے تحت 28-07-2007ء کو مندرجہ ذیل ملازمین کو اپ گریڈ کیا تھا:

1۔ اسسٹنٹ سکیل 11 سے سکیل 14

2۔ آڈیٹر سکیل 11 سے سکیل 14

3۔ سینیئر کلرک سکیل 7 سے سکیل 9

4۔ جونیئر کلرک سکیل 5 سے سکیل 7

5۔ 1 تا 4 سکیل تک کے ملازمین کو ایک سکیل بلند درجگی صرف ایک دفعہ کی گئی، جس کے متعلق نوٹیفیکیشن No. FD/SO (FR) 07-02/2007 dated 28th July 2007 ملاحظہ ہو۔

(ب) جی ہاں، یہ درست ہے کیونکہ وفاقی حکومت کے نوٹیفیکیشن میں سٹینو گرافرز کو Upgrade نہیں کیا گیا تھا۔

(ج) چونکہ مذکورہ اپ گریڈیشن وفاقی حکومت کی طرف سے کی گئی، اپ گریڈیشن مساویانہ طرز عمل اختیار کرنے کی غرض سے کی گئی تھی اور یہ کہ وفاقی حکومت کی جانب سے کی گئی اپ گریڈیشن میں سٹینو گرافرز کی پوسٹیں شامل نہیں تھیں، اسلئے صوبائی حکومت اس ضمن میں ازخود فیصلہ کرنے کی پوزیشن میں نہیں تھی۔ تاہم سٹینو گرافرز کے سلسلے میں صوبائی اسمبلی سے منظور شدہ قرارداد کی روشنی میں وفاقی حکومت سے سٹینو گرافرز کی آسامیوں کی اپ گریڈیشن کی سفارش کی گئی ہے، جس کے متعلق نوٹیفیکیشن NO. SO (FR/FD/7-2-2008 Dated Peshawar, the 06-04-2010 ملاحظہ ہو۔

1258 ۔ جناب محمد زمین خان: کیا جناب وزیر اعلیٰ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حالیہ سیلاب کی تباہ کاریوں کی وجہ سے حکومت نے مختلف اضلاع کو فنڈ فراہم کیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ فنڈ کن کن اضلاع کو کن کن مدوں میں فراہم کیا گیا ہے، نیز ہر ضلع کو کتنا فنڈ دیا گیا ہے، ہر ضلع کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں۔

(ب) ہر ضلع کو مورخہ 2010-09-08 تک سیلاب کی تباہ کاریوں کی وجہ سے شہریوں کو خوراک اور دیگر ضروریات زندگی کیلئے مختلف مدوں میں ملنے والے فنڈز کی تفصیل فراہم کی گئی۔

1257 _ جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: کیا جناب وزیر اعلیٰ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حالیہ سیلاب کی وجہ سے صوبے کا انفراسٹرکچر مکمل طور پر تباہ ہو چکا ہے؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت نے بحالی کیلئے مختلف مدات میں مختلف اضلاع کو فنڈ فراہم کئے ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کن اضلاع کو کن کن مدات میں تا حال کتنا فنڈ فراہم کیا گیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) مختلف اضلاع کو مورخہ 2010-09-08 تک سیلاب کی تباہ کاریوں کی وجہ سے شہریوں کو خوراک اور دیگر ضروریات زندگی کیلئے مختلف مدوں میں ملنے والے فنڈز کی تفصیل فراہم کی گئی۔

1298 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر اعلیٰ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 09-2008 میں ملاکنڈ میں فوجی آپریشن کی وجہ سے سوات اور دیگر علاقوں سے لوگوں نے نقل مکانی کی تھی؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو:

(i) ان IDPs کیلئے کن کن مقامات پر کیمپ بنائے گئے تھے؛

(ii) ہر کیمپ میں کتنے کتنے خاندان مقیم تھے ان IDPs کو کیا کیا سہولیات میسر تھیں، تفصیل بتائی جائے؛

(iii) ان IDPs کو اپنے علاقوں میں واپسی کے وقت کون کونسی اشیاء دی گئی ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں۔

(ب) (i) مردان، صوابی، مالاکنڈ، نوشہرہ، چارسدہ، پشاور، ایبٹ آباد اور کوہاٹ۔

(ii) تفصیل درج ذیل ہے:

| ضلع | کیمپ | خاندان | سہولیات |
|---|---|---|---|
| مردان | شیخ شہزاد | 1354 | do |
| | جلالہ | 1200 | do |
| | شیخ یاسین | 1926 | do |
| | مزدور آباد | 711 | |
| صوابی | یار حسین | 1118 | do |
| | انبار | 235 | do |
| | شاہ منصور | 1467 | d0 |
| | سکول شاہ منصور | 102 | do |
| ملاکنڈ | درگئی | 10822 | do |
| | پلائی | 3960 | do |
| | رنگمالا پیران | 1187 | do |
| نوشہرہ | جلوزئی | 6405 | do |
| چارسدہ | پلوسہ | 208 | do |
| پشاور | کچہ گڑھی | 1519 | do |
| | کچہ گڑھی۔2. | 1084 | do |
| | لڑمہ | 1100 | |

(3) واپسی کے وقت ہر خاندان کو رہنے کیلئے ٹینٹ، ایک مہینے کا راشن، ہائیجین کٹ، 25ہزار روپے نقد اور مفت ٹرانسپورٹ کی سہولت فراہم کی گئی تھی۔

محترمہ نور سحر: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع بونیر میں ڈگری کالج ڈگر میں سائنس ٹیچر موجود نہیں ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت مذکورہ کالج میں کب تک سائنس لیکچرار تعینات کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) یہ درست نہیں ہے۔

(ب) گورنمنٹ ڈگری کالج ڈگر (بونیر) میں مارننگ شفٹ میں سائنس مضامین میں پوسٹوں کی کل تعداد بارہ (12) ہے اور بارہ (12) ہی ٹیچرز کام کر رہے ہیں۔ مزید براں سیکنڈ شفٹ میں سائنس مضامین کی منظور شدہ پوسٹوں کی تعداد (6) چھ ہے اور پانچ لیکچررز تعینات کئے گئے ہیں جبکہ ایک آسامی خالی ہے جس پر عنقریب کنٹریکٹ لیکچرر یا پبلک سروس کمیشن کا منتخب امیدوار تعینات کیا جائے گا۔

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں جن میں: حبیب الرحمان تنولی صاحب 7-1-2011، جناب وقار احمد خان 07-01-2011، غلام محمد صاحب 07-01-2011تا 10-01-2011، وجیہہ الزمان خان 07-01-2011، حاجی قلندر خان لودھی صاحب 07-01-2011، ستارہ آیاز بی بی 07-01-2011، غنی داد صاحب 07-01 2011۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The leave is granted.

جناب کشور کمار: پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب کشور کمار: سر پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: جی جی، بسم اللہ۔ جی کشور کمار!

جناب اقبال دین: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر صاحب، آپ اس کے بعد۔

جناب کشور کمار: سر، پورے ملک میں پانچ فیصد کوٹہ اقلیت کیلئے مختص کیا گیا ہے، میں سر، حکومتی بنچ سے بھی پوچھنا چاہتا ہوں کہ آیا ہمارے صوبہ خیبر پختونخوا میں بھی اقلیتوں کیلئے ملازمت میں پانچ فیصد کوٹہ ہے؟ اگر ہے تو سر ابھی ایف آر پی میں بھرتی ہوئی ہے، ڈی آئی خان میں، پولیس میں، اس میں بھی کوئی کوٹہ ہمارے لئے مختص نہیں کیا گیا تھا۔ ابھی پی ٹی سی، سی ٹی اور ڈی ایم وغیرہ کیلئے سر پوسٹیں نکلی ہیں، اس

میں بھی ہمارے لئے کوئی کوٹہ Mention نہیں کیا گیا۔ یہ زیادتی کیوں ہو رہی ہے؟ پہلے یہ کلیئر کیا جائے کہ ہمارے لئے 5% ہے یا 0.5% ہے؟ اگر ہے تو جب یہ پوسٹیں نکلتی ہیں تو ہمارے لئے اقلیتی کوٹہ کو مختص کیوں نہیں کیا جاتا؟ یہ زیادتیاں ہمارے ساتھ ہو رہی ہیں اور اس کیلئے ہم کلیرنس چاہیں گے سر۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی آنریبل منسٹر صاحب۔

<u>وزیر قانون:</u> میرے خیال میں جی اگر Proper question لے آئیں تو میں Proper reply دینے کی پوزیشن میں ہوں گا۔

<u>Mr. Speaker:</u> This is no point of order.

اس کو ذرا موشن پر لے آئیں تاکہ ان سے ہم پورا وہ لے لیں۔ جی، ڈاکٹر اقبال دین فنا صاحب۔

<u>ڈاکٹر اقبال دین:</u> ډیره شکریه، محترم سپیکر صاحب۔ دے وخت کښې جی په ډسټرکټ کوهاټ او ډسټرکټ کرک کښې چه د تیل او د ګیس کوم ذخائر دی، هم په هغې باندې د سیکیورټی کوم اهلکار چه متعین دی، یوسل او اووه دیرش کسان د سیکیورټی اهلکار چه د فوجی فاؤنډیشن طرف نه هغلته متعین دی، هغه ټول 5% بونس دپاره په هړتال باندې دی۔ محترم سپیکر صاحب، او جی ډی سی ایل خپلو ټولو اهلکارو ته د خپل پروډکشن 5% بونس په طور باندې ورکوی او دغې اهلکارو سره هم د تیرو دوه کالو راسې وعده شوې وه چه دې کال به دوئ له 5% بونس ورکولې کیږی خو متعصبانه چه په اسلام آباد کښې او داسې نورو غټو شهرونو کښې د او جی ډی سی ایل کوم د سیکیورټی اهلکار دی، هغوی ته خو هغه 5% بونس ورکړلې شو او په دغې قومی اثاثو باندې، په دغه ذخائرو باندې چه کوم یوسل اووه دیرش کسان متعین دی، هغوی سره باوجود د وعدو هغوی ته دغه بونس نه ورکولې کیږی او نن سبا چه د سیکیوریټی کوم صورتحال دے، د امن وامان کوم صورتحال دے نو دغه قومی ذخائر مونږ په سیکیورټی رسک باندې نشو کیښودې نو زما د دې ایوان په وساطت باندې حکومت ته دا استدعا ده چه او جی ډی سی ایل او فوجی فاؤنډیشن ته د هدایات جاری شی چه دغې اهلکارو ته د خپل 5% بونس ادا شی چه دوئ په دل وجان سره د دغې قومی اثاثو حفاظت اوکړې شی جی۔ مهربانی جی۔

<u>جناب سپیکر:</u> بشیر بلور صاحب، بشیر بلور صاحب، سبجیکٹ تو فیڈرل ہے۔

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر(بلدیات)}: جی؟

جناب سپیکر: یہ آپ نے سنا؟

سینیئر وزیر(بلدیات): نہیں میں نے نہیں سنا جی، میں نے اس لئے نہیں سنا کہ، میں عرض کرتا ہوں، مولانا صاحب ایک قرارداد پیش کرنا چاہتے ہیں جو بڑی Important ہے۔ رسالت ناموس صلی اللہ علیہ وسلم پر بات کرنا چاہتے ہیں تو اس کیلئے ہم ذرا ڈسکس کر رہے ہیں کہ وہ کس طریقے سے ہم قرارداد کو ٹھیک کریں، اس کا نوک پلک ٹھیک کریں؟

جناب سپیکر: نہیں، وہ تو آپ کریں۔

سینیئر وزیر(بلدیات): آپ فرمائیں۔

جناب سپیکر: لیکن وہ صاحب، ڈاکٹر اقبال دین صاحب کچھ فرما رہے ہیں۔

سینیئر وزیر(بلدیات): کون صاحب، خالی ڈاکٹر صاحب؟

جناب سپیکر: ہاں۔

سینیئر وزیر(بلدیات): کس بارے میں جی؟

جناب سپیکر: تو میں وہی کہتا ہوں کہ آپ ادھر اس طرف ذرا سیریس ہو کے بیٹھیں، سبجیکٹ تو فیڈرل ہے، صوبے کا نہیں ہے، ہمارا نہیں ہے۔

سینیئر وزیر(بلدیات): نہیں دیکھیں، یہ جو فرما رہے ہیں، یہ مرکز کا ہے تو میں یہ عرض کروں کہ جو قرارداد مفتی صاحب لانا چاہتے ہیں، وہ ہمارے مذہبی جذبات بھی اور Internationally بھی پرابلم ہے اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ اس قرارداد کو، یہ میاں صاحب اور میں اور وہ بیٹھ کر اس طریقے سے کر رہے ہیں کہ خدانخواستہ کل کوئی پرابلم ہمارے لئے بھی Create نہ ہو اور قوم کے آج کل جذبات ہیں، ان کو بھی ہم کنٹرول کر سکیں۔ اس وجہ سے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھی بات ہے، یہ اچھی بات ہے لیکن وہ کچھ اور فرما رہے تھے کہ کچھ۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر(بلدیات): جی فرمائیں۔

ڈاکٹر اقبال دین: لږ شان جی مختصر خبره کومه۔

جناب سپیکر: جی بسم اللہ، اقبال دین صاحب۔

ڈاکٹر اقبال دین: مختصر خبره کوم جي۔ په کوهاټ او کرک کښے چه د آئل اینډ ګیس کوم څلور فیلډز دي: چندا آئل فیلډ، میلا آئل فیلډ، نیشتا آئل فیلډ او شیخان آئل فیلډ، دے باندے د سیکیوریټي چه کوم اهلکار متعین دي د فوجي فاؤنډیشن طرف نه، د دغے ادارو په حفاظت باندے، هغه د 5% بونس د پاره د یوے هفتے راسے په هړتال باندے دي او زمونږ دغه قومي اثاثے په سیکیوریټي رسک باندے دي۔ دغه خلقو سره تیر کال هم وعده شوے وه، د دے نه مخکښے هم ورسره وعده شوے وه چه لکه څه رنګ نورو اهلکارو ته هغوی 5% بونس ورکوي، دوئ له به هم ورکوي۔ په اسلام آباد کښے چه د دوئ کوم سیکیوریټي اهلکار دي چه صرف څلور څلور ګهنټے ډیوټي کوي، هغوی ته خو دا بونس ملاویږي لګیا دے او دلته په دے صوبه کښے چه دغے ذخائرو باندے متعین دي، هغوی ته باوجود د وعدو نه ملاویږي لګیا دے نو زما استدعا دا ده چه او جي ډي سي ایل ته او فوجي فاؤنډیشن ته د دا هدایات جاري کړي چه د دوئ دا مسئله حل کړي ځکه په دغے امن وامان صورتحال کښے مونږ دغه قومي اثاثے په سیکیوریټي رسک باندے نشو کیښودلے۔

جناب سپیکر: جی، جناب بشیر احمد بلور صاحب۔

سینیئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب، زه شکر ګزار یم د ډاکټر صاحب، ټولو کښے لویه خبره دا ده چه دا خدائے مهرباني کړے ده مونږ سره او دے جنوبي اضلاع کښے، دے علاقو کښے زمونږ د خدائے په فضل دومره تیل راوتي دي چه انټرنیشنلي چه لس داسے Wells وي، د هغے Digging او کړي، چه هغے کښے درے کامیاب شي نو وائي چه دا ډیر کامیاب شول خو د خدائے فضل سره زمونږ دے لسو کښے شپږ کامیاب شوي دي او زمونږ لږ حالات د خدائے دا لاء اینډ آرډر سیچویشن ټهیک کړي نو مونږ سره آئل خدائے مهرباني کړے ده چه مونږ ټول پاکستان ته هغه آئل ورکولے شو۔ دا نن چه د آئل قیمتونه جګ شول نو دا ټول تکلیف دا دے چه مونږ سره آئل شته خو مونږ سره هغه ذرائع پوره نشته۔ څنګه چه ډاکټر صاحب خبره اوکړه، زه ورته تسلي ورکوم چه مونږ به پخپله هم خبره کوؤ او که ډاکټر صاحب یو قرارداد راوړي نو مونږ هغه قرارداد به Unanimously پاس کړو، مرکز ته به هم لاړ شي، هغوی ته به هم خبره

اورسیږی،اخبار ته به هم راشی، پریس ته به هم راشی او بیا ورسره خبره به هم اوکړو چه مونږ Unanimous قرارداد پاس کړے دے، مهربانی اوکړئ دے باندے خبره اوکړئ۔

جناب سپیکر: تھینک یو، جی۔

سینیئر وزیر (بلدیات): نو زما خیال دے دا به ښه خبره وی۔

## توجہ دلاؤنوٹس ہا

Mr. Speaker: Thank you. Mufti Kifayatullah Sahib, please move your call attention notice No. 429.

مفتی کفایت اللہ: شکریہ جناب سپیکر، آپ نے توجہ دلاؤ نوٹس کی اجازت دی۔ میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ محکمہ تعلیم نے انتظامی اور تدریسی شعبے الگ الگ کر دیئے ہیں جو موجودہ حکومت کا قابل تعریف کارنامہ ہے۔ پبلک سروس کمیشن کے لمبے طریقہ کار کے ذریعے سکیل 19 کے 26 ای ڈی اوز مردانہ اور سکیل 18 کے 26 ڈی اوز زنانہ، 150 اے ڈی اوز زنانہ، اور 124 اے ڈی اوز مردانہ کا تعین ہو گیا ہے مگر تقریباً سات ماہ کا عرصہ گزر گیا ہے ابھی تک ان آفیسرز کا تقرر نامہ جاری نہ ہو سکا۔ میں حکومت کو متوجہ کرتا ہوں کہ وہ جلد از جلد ان آفیسرز کو انتظامی منصب پر کام کرنے کا موقع عنایت فرمائے۔

جناب سپیکر! یہ ایک خالصتاً بچوں کی تعلیم کا معاملہ ہے اور جب ہم انتظامی اور تدریسی شعبے الگ کر لیتے ہیں تو یہ طے کر لیتے ہیں کہ یہ افسر ہے اور یہ استاد ہے۔ اب اساتذہ نے جانا ہے کلاس روم میں اور آفیسر نے جانا ہے دفتر میں، اس سے پہلے ایسا ہوتا تھا کہ ایک آدمی کو کلاس روم سے اٹھا دیا جاتا اور وہ افسر بن جاتا اور پھر پسند ناپسند کی بنیاد پر اس افسر کو اٹھایا جاتا اور اسے کلاس روم بھیج دیا جاتا، تو ذہنی طور پر وہ آدمی چھ مہینوں کیلئے تیار نہیں ہوتا تھا۔ اب جب اس کا مزاج افسری کا بن جاتا تھا تو اس کو تبدیل کر دیا جاتا تو وہ دوبارہ کلاس روم چلا جاتا یا اس کا مزاج پڑھانے کا بن جاتا تو اس کو پھر آفیسر بنا دیا جاتا تھا، یوں ایک بہت خلط ملط مواد تھی اور موجودہ حکومت نے ایسا کیا کہ دونوں کیڈروں کو الگ کر دیا۔ میں شکریہ بھی ادا کرتا ہوں، یہ اس قوم کے ساتھ، ان بچوں کے ساتھ انصاف ہے۔ ہماری ایک مجبوری یہ ہے کہ پبلک سروس کمیشن، ناراض نہ ہوں، وہ ایک سفید ہاتھی ہے، ہم ان کو ڈیمانڈ دیتے ہیں کہ آپ ہمیں آفیسر دے دیں اور آج جو آپ ڈیمانڈ دیتے ہیں جناب سپیکر، وہ آپ کو ایک سال کے بعد جواب دیں گے اور وہ یہ کہیں گے کہ اس میں آدھے ہیں اور

آدھے نہیں ہیں۔ میرے علم میں ہے کہ محکمہ خوراک نے دو سال پہلے یا ایک سال پہلے انہیں کہا تھا کہ آپ ہمیں دو افسر دے دیں اٹھارہ کے، ایک سال میں انہوں نے ایک افسر مہیا کیا اور دوسرے کے بارے میں کہا کہ نہیں ہے، اتنا لمبا پروسیجر ہے کہ وہ ہمیں تھکا دیتا ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ پبلک سروس کمیشن کی Capacity، بلڈنگ کے اندر گنجائش بہت کم ہے اور وہ ہمارے اس کو نہیں پورا کر سکتا، بہت سارے سکول خالی ہیں، ہیڈ ماسٹر وہاں نہیں ہیں، اساتذہ نہیں ہیں، پبلک سروس کمیشن کے ذریعے جن لوگوں نے آنا ہے، وہ نہیں آ سکتے، بالکل سسک سسک کر ایک لمبا طریقہ کار ہے۔ اب سات ماہ ہو گئے ہیں کہ یہ کیڈر الگ ہو گئے ہیں اور مجھے علم ہے کہ کچھ اس پر اعتراضات بھی تھے، وہ بھی ختم ہو گئے ہیں۔ اگر وزیر موصوف، وزیر باتدبیر یہ بتا دیں کہ کب تک ہم اس کو Implement کرنا چاہتے ہیں تو ذرا آسانی ہو جائے گی اس پر۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی جی۔ آپ Appreciate کرتے ہیں، ان کی اس ایکشن کو۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر صاحب! اس پر میرا ابھی بہت اہم کال اٹینشن نوٹس ہے، I know کہ اس پر ڈسکشن Allowed نہیں ہے سر، لیکن میں نے ایڈجرنمنٹ موشن اسی پر جمع کی ہوئی ہے آپ کے سیکرٹریٹ میں، اس کا نمبر نہیں آیا کیونکہ جناب سپیکر، اگر حکومت ابھی اپنا مؤقف بیان کرتی ہے تو پھر جب میری ایڈجرنمنٹ موشن کا نمبر آئے گا اور جناب سپیکر، یہ مفتی صاحب نے توجہ سے باتیں کیں لیکن دوسری طرف بھی بہت سی باتیں ہیں اس میں، وہ اس لئے کہ جناب سپیکر، جب آپ ایڈمنسٹریٹیو پوسٹ کیلئے کسی کو لیتے ہیں۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: آپ کا کیا خیال ہے، اس کو ایڈجرنمنٹ میں Convert کریں؟

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: تو Convert کر لیں، پھر ہم بھی اس پر بات کر لیں گے۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی۔ گورنمنٹ کی طرف سے، سردار بابک صاحب۔ جناب سردار بابک صاحب۔

<u>جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم)</u>: سپیکر صاحب! مہربانی۔

<u>مفتی کفایت اللہ</u>: جناب سپیکر! میں ایک سوال کرتا ہوں کہ ایک طرف سے بات جب میں کر لیتا ہوں تو دوسری طرف سے جواب وزیر صاحب دیں گے یا عبدالاکبر خان دیں گے؟ میں تو نہیں سمجھ رہا اور عبدالاکبر خان! میں جانتا ہوں۔

(شور)

<u>Mr. Speaker:</u> No cross talks.

مفتی کفایت اللہ: میں Cross talking نہیں کرنا چاہتا، میں آپ کی توجہ چاہتا ہوں، آپ کی شفقت چاہتا ہوں۔ عبدالاکبر خان کا ایک پارلیمانی تجربہ ہے تو کیا یہ تجربہ ہمارے لئے رکاوٹ بنے گا یا ہمارا معاون بنے گا؟

جناب سپیکر: جی سردار بابک صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب! میں نے Constitution کے مطابق بات کی ہے تو چونکہ کال اٹینشن نوٹس پہ میں اپنا Point of view بیان نہیں کر سکتا اس لئے میں نے اس پر ایڈجرنمنٹ موشن جمع کی تاکہ ایڈمٹ ہو کر سارے ہاؤس میں جو جو بھی اس پر بولنا چاہے وہ بول سکے۔

جناب سپیکر: پہلے گورنمنٹ کو سن لیتے ہیں جی۔ جی گورنمنٹ سے، سردار بابک صاحب۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: مهربانی سپیکر صاحب۔ د ټولو نه اول خو زه د مفتی صاحب شکریه ادا کوم چه هغوی اولنی ځل باندے زمونږ دحکومت یو ښه قدم ته یو ښه قدم اووئیل او هغوی تعریف هم اوکړو او حقیقت دا دے چه دا ډیر لوئے کار دے چه مینجمنټ کیډر او ټیچنګ کیډر جدا والے چه دے ، دا سپیکر صاحب ستاسو توجه غواړو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی؟

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: سپیکر صاحب! دا په اولنی ځل باندے د پاکستان په تاریخ کښے په اولنی ځل باندے اوشو چه یو سیاسی حکومت د خپله لاسه اختیار بل چا له ورکوی او د هغوی Priority او د هغوی ترجیح دا وی چه نظام د برابر شی او نظام د ښه شی۔ عبدالاکبر خان صاحب هم ډیره زیاته ښه خبره اوکړله شاید د هغوی هر څیز باندے نظر وی ، مونږ هرګز دا خبره نه کوؤ ، دا کار چه مونږ کړے دے ، دا مونږ په ډیر لوئے نیک نیتئ باندے کړے دے او تاسو ته معلومه ده چه پبلک سروس کمیشن چه دے ، هغه د دے صوبے یو ډیره لویه مستنده اداره ده ، مونږ هرګز په هغه حوالے باندے څه خبره کول نه غواړو ، بهر حال انشاء الله په دے باندے مونږ خپل کار روان کړے دے۔ پبلک سروس کمیشن چه مونږ ته څومره Recommendees رالیږلی دی نو هغے باندے مونږ خپله Scrutiny Committee جوړه کړے ده۔ ای ډی اوز چه کوم چهبیس کسان دی، په هغے باندے مونږ خپله Scrutiny چه د ه هغه Complete کړے د ه۔ تاسو ورته بدقسمتی

اووایئ یا ورته خوش قسمتی اووایئ چه پینځه کسان داسے دی چه هغه Eligible نه دی، هغه مونږ رپورټ کړی دی سره د هغه Authentic calculative sources، بهرحال انشاء اللّٰه زه مفتی صاحب له دا ایشورنس ورکومه چه دا کار چه مونږ کړے دے، حقیقت دا دے چه دا زمونږ د حکومت کریډټ دے او انشاءاللّٰه انشاء اللّٰه دا کریډټ به مونږ اخلو ځکه چه تاسو په ایجوکیشن کښے اوګورئ، سټاف خو موجود دے، د مینجمنټ کمے وو، هلته د مینجرز کمے وو، هلته د دے څیزونو د Manage کولو کمے وو، هغه کار زمونږ حکومت اوکړو او حقیقت دا دے چه دا کریډټ زمونږ د دے حکومت دے۔ انشاء اللّٰه زر تر زره هغه باقی چه کومه Scrutiny ده، هغه به پرے مونږ برابر کړو او کیس به انشاء اللّٰه وړاندے کړو۔

<u>جناب سپیکر</u>: نه کله پورے Expected دے جی؟

<u>وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم</u>: مونږه۔۔۔۔۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر! میں اس کے خلاف نہیں ہوں، جس طرح منسٹر صاحب نے کہا لیکن اس نے خود کہا کہ Five Out of twenty six ڈراپ کر دیئے گئے ہیں۔پبلک سروس کمیشن نے جو ریکروٹمنٹ کی ہے ان کیلئے، وہBelow the standard کر دیئے ہیں، یہ تو صرف ای ڈی اوز کی بات ہے، باقی جوا ے ڈی اوز ہیں جناب سپیکر، اس میں۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: اچھا، بات ایسی ہے کہ As per rule اس پر ڈیبیٹ بھی نہیں ہو سکتی لیکن آپ کی ایڈجرنمنٹ موشن پر بھی ہم Take up نہیں کر سکتے جب یہ ایک دفعہ یہ آگیا۔آپ اس پہ کیا بولنا چاہتے ہیں؟

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: میں اس پر یہ بولنا چاہتا ہوں کہ یہ ایڈمنسٹریشن کا اور ٹیچنگ کا الگ الگ شعبہ رکھنا چاہتے ہیں ایجوکیشن میں اور اسی لئے انہوں نے پبلک سروس کمیشن کو ریکویزیشن دی کہ ہمیں ایڈمنسٹریشن کیلئے لوگ بھرتی کئے جائیں۔اب جناب سپیکر، جب آپ ایک آفس کیلئے ریکروٹمنٹ کرتے ہیں تو اسی چیز کیلئے Experience کی ضرورت ہو گی۔اب جب آپ ایڈمنسٹریشن کیلئے کسی کو بھرتی کرتے ہیں تو ایڈمنسٹریشن میں تجربہ ہونا ضروری ہوتا ہے لیکن انہوں نے ٹیچنگ کا تجربہ اس میں رکھ دیا ہے جناب سپیکر، یہ ایک Basic point ہے کہ آپ بھرتی کرتے ہیں ایڈمنسٹریشن کی پوسٹ کیلئے اور آپ

تجربہ مانگتے ہیں ٹیچنگ کا، ایک۔ دوسری جناب سپیکر، آپ اگر ہیلتھ کو دیکھیں تو ہیلتھ والوں نے بھی ان لوگوں سے آپشن مانگی ہے کہ جو Already in service ہیں، انہوں نے بھی یہ شعبے الگ کر دیئے ہیں، ایڈمنسٹریشن کو اور اس کو الگ الگ کر دیا ہے لیکن انہوں نے اپنے سٹاف سے آپشن مانگی ہے کہ آپ کون اس میں کرنا چاہتے ہیں، اگر کوئی Eligible ہے، اگر اس کے قابل ہے، اگر اس پوسٹ کے قابل ہے تو Already اس کا Experience ہے، تو کیوں؟ اس لئے جناب سپیکر، میں اس پر ذرا تفصیل سے بحث کرنا چاہتا تھا، اب جب میری ایڈجرنمنٹ موشن آئے گی تو I will proved it ۔

جناب سپیکر: ایک دفعہ گورنمنٹ سے اگر ایک چیز ہم لے لیتے ہیں تو پھر آپ اس پہ کیسے؟

جناب عبدالاکبر خان: سر، وہ تو ان کے کال اٹینشن نوٹس کے جواب میں انہوں نے کہا ہے۔ میرے ساتھ پوائنٹس ہیں، میں گورنمنٹ کو پوائنٹس سمجھاؤں گا تب گورنمنٹ کی مرضی ہے کہ مانتی ہے یا نہیں مانتی۔

جناب سپیکر: چلیں چلیں، پہلے گورنمنٹ سے، بابک صاحب! کس وقت تک یہ بات ہو سکتی ہے؟

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): سپیکر صاحب، په دے زه یوه خبره کول غواړمه جی، بابک صاحب به پرے خبره اوکړی جی۔

جناب سپیکر: جی۔

وزیر اطلاعات: داسے ده جی چه دا د دے مسئلے په بنیاد پکار ده چه مونږ ټوله بنیادی مسئله اوچیړو۔ د دوئ دا خبرے خو لږ ټیکنیکل دی او سختے دی، په ساده الفاظو کښے دا خبره کول غواړی چه د پبلک سروس کمیشن کارګزاری هغه رنګ نه ده چه ښنګه پکار ده۔ (تالیاں) او دا یو بنیادی مسئله ده۔ دا داسے ده جی چه لکه د ایجوکیشن خبره ده، د هغے Criteria معلومه ده، د هغے Criteria مطابق ولے نه کیږی؟ دا بنیادی سوال دے۔ دا چه په هیلتهـ کښے د ولے نه کیږی؟ دا هم بنیادی سوال دے۔ پکار دا چه پبلک سروس کمیشن دے خبرو ته نظر اوکړی چه د یو ښیز قابل سړے موجود دے نو غیر قابل سړے ښنګه په هغے باندے اغستے کیږی؟ دا من مانی خو په هیڅ قیمت نشی کیدے چه د خپلے مرضئ مطابق که دے صوبے یو اختیار یو ادارے ته ورکړے دے، د دے د پاره ئے ورکړے دے چه هر شے به شفاف کیږی، د رولز ریګولیشنز مطابق به کیږی که چرته داسے خبره وی چه مونږ خو دا ټول اختیار هغوی له ورکړو او د هغوی

اختیار ناجائزه استعمال کیږی، د دے اجازت په هیڅ قیمت باندے نشی کیدے نو دا بنیادی سوال دے چه د دے تقرر اوشی۔

جناب سپیکر: میاں صاحب! نہیں، میں ہاؤس سے ذرا پوچھنا چاہتا ہوں، اگر ہاؤس مجھے اجازت دیتا ہے کہ اس کال اٹینشن کو ایڈ جر نمنٹ موشن میں تبدیل کروں، ہاؤس اجازت دیتا ہے؟

Voices: Yes.

Mr. Speaker: It is converted into adjournment motion.

اور Next day پہ اس کو لے لیتے ہیں، ڈسکشن کیلئے Next day پر لے لیتے ہیں۔ Okay, next۔

محترمہ منور سلطانہ: پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

جناب سپیکر: سیدجعفر شاہ صاحب۔ بی بی! تاسو څه وایئ؟ اودریږه د جعفر شاه صاحب دا خبره ختمه شی۔ Ji Jafar Shah, please move your call attention notice۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو، جناب سپیکر۔ جناب والا، میں آپ کی وساطت سے حکومت اور معزز ایوان کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں۔ جناب والا، وہ یہ ہے کہ حالیہ سیلاب کی وجہ سے کافی دیگر نقصانات کے ساتھ ساتھ علاقے میں سرکاری انفراسٹرکچر بھی تباہ ہو چکا ہے جس میں نادرا آفس مدین کی Rented building بھی سیلاب میں بہہ چکی ہے۔ نتیجتاً نادرا اپنا دفتر مدین سے مینگورہ عارضی طور پر منتقل کر چکی ہے جو کہ بالائی سوات بشمول کالام، بحرین اور مدین کے لوگوں کیلئے یہ بہت دور ہے اور شناختی کارڈ بنوانے میں کافی مشکل پیش آ رہی ہے۔ ابھی چونکہ رابطے بحال ہو چکے ہیں اور حالات بھی بہتر ہو چکے ہیں اور مدین کے مقام پر بآسانی کرایے کی بلڈنگز بھی میسر ہیں، لہذا میں صوبائی حکومت کی توجہ اس طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں کہ نادرا کو ہدایت جاری کر کے جلد از جلد نادرا کا اپنا آفس مدین کے مقام پر قائم کرلے تاکہ لوگوں کی مشکلات میں آسانی ہو۔ یہ بہت اہم ایشو ہے سر اور خاص کر خواتین کیلئے بہت بڑا مسئلہ ہے کیونکہ ایک دن تو لگتا ہے مینگورہ آنے جانے تک، اگر صوبائی حکومت اس پر Serious غور کر کے ان کو ہدایات جاری کرے تو مسئلہ حل ہو جائے گا۔

جناب سپیکر: جی جناب آنر یبل لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: Ideally خو پکار دا وو چه دوئ ریزولیوشن راوړے وے څکه چه د وفاقی حکومت اداره ده خو بهرحال We will use our good offices، هغوی

ته به مونږ ډائریکشنز ورکړو، Written directions به ورله ورکړو او We will provide him a copy انشاء الله۔ تاسو سره، هغوی سره به هسے هم رابطه اوکړو۔

جناب سپیکر: تهینک یو جی، خو دا دے باندے خامخا لږ دغه ورکړئ جی، توجه ورله ورکړئ جی۔ جی منور سلطانه بی بی۔

محترمه منور سلطانه: ډیره مننه سپیکر صاحب۔ نن سبا چه د گیس دا ناروا لوډ شیډنگ شروع دے، مونږ ئے خو داسے عاجز راوستے یو چه مونږ کومه لاره خپله کړو؟ چه هغوی ته فون اوکړو، وائی بی بی نشته دے، گیس بالکل نشته دے، اولډ شامی روډ کښے شته، په نیو شامی روډ کښے بالکل هغه خالی دی پائپونه، یو ذره گیس نه راځی، دغه نشته گیزرے بند دی، هیټرے بند دی، انغری بند دی۔ ماشومان د ناشتے نه بغیر سکولونو کالجونو ته ځی نو مهربانی د اوکړی چه مونږ ته د دا Main pressure زیات کړی، دا خو ډیره زیاته دغه خبره ده چه بیا که مونږ بجلی استعمالوؤ، دوئ د مونږ سره بلونه اومنی چه بل نه منی نو مونږ بیا څه اوکړو؟ مونږ خو میټرے نشو بندولے۔ دا خو یو ناروا خبره ده۔ خو دوئ د بیا زمونږ بلونه ورکوی نو بیا به مونږ د بجلئ هیټر استعمالوؤ نو دا به مونږ ته لږه اسانه شی۔

جناب سپیکر: دے باندے د اورنگزیب خان کال اټینشن دے۔ نن مو نه دے اغستے، په دے به بل وخت ډسکشن کوؤ۔

محترمه منور سلطانه: د هرے خبرے، اخر به دا خلق دغه ته راوځی او د دوئ په دغه باندے بیا حملے کوی، خو دوئ د دومره اوکړی چه مونږته د دغه لږ زیات کړی کنه، څه خو د اوکړی کنه، وائی د بورے ځویه څه خو بویه، لږه گزاره خو د مونږ سره هم اوکړی۔ ډیره مننه، سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی محمد علی خان! ستاسو کال اټینشن چه راشی بیا به تاسو اووایئ۔ ستاسو کال اټینشن نن نشته، سبا یا بله ورځ به راشی جی۔

جناب محمد علی خان: شکریه جناب سپیکر۔ زمونږ مسئله هم سوئی گیس ده جی۔ په 2007ء کښے شبقدر ته پائپ لائن او هغه ډسټری بیوشن د پاره پیسے او هر څه

ډیپازټ شوی دی۔ په هغه وخت کښے شیرپاؤ خان وزیر وو نو شبقدر بازار پورے خو پائپ رااورسیدو، مین پائپ، بیا Further distribution بند شولو۔ تر اوسه پورے 10-09-08-2007او دا 2011 شروع شو۔ جر نمبرے هم ایشو شوے دی ، درے جر نمبرے ، دا پیښور کښے چه کوم د سوئی گیس دفتر والا دی، هغوی بالکل دیخوا توجه نه ورکوی۔ څوک څه وائی، چا په دے پښے ایښے دی، څوک څه وائی څوک څه وائی۔ زمونږ تاسو ته او ستاسو په وساطت بشیر بلور صاحب ته هم دا ریکویسټ دے چه دیکښے 2007 کښے پیسے جمع شوے دی، پیښور ډسترکټ کښے خو دے ماموں خټکی ته، گل بیلے ته، ناگمان ته ورکړے شوے کنکشنے ، مونږ پرے خوشحاله یو، خفه په نه یو خو شبقدر د پاره منظور شوے دے او هغوی هم داسے ناست دی، د بجلئ هم دا حال دے او سوئی گیس هم نشته نو دا وایو چه خصوصی انسټرکشنز د هغوی ته ورکړے شی چه په هغے کار شروع کړی، پائپ لائن د راوړی۔

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب، دا ایشو خو فیډرل دے۔

سینیئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب! شکر گزار یو د محمد علی خان هم او منور صاحب خبرے اوکړلے۔ سپیکر صاحب، دا د ټولو مسئله ده، دا د ټولے صوبے مسئله ده۔ دا لوډ شیډنگ چه دے دا ستاسو په علم کښے دے چه صوبه کښے نه، دا د ټول پاکستان مسئله ده۔ تاسو ټی وی اوگورئ نو ټولے تقریبا کارخانے پنجاب او زمونږ صوبه کښے بند دی، اتلس گھنټے چه چرته لوډ شیډنگ وی هلته به خلق څنگه کارخانه چلوی؟ غریب خلق دی، زه تاسو ته دا عرض کوم چه ټولو نه زیاته بجلی مونږ پیدا کوؤ، حق زمونږ دا دے چه زمونږ د لوډ شیډنگ کم وی او د نورو خلقو لوډ شیډنگ د زیات وی۔ ټولو نه کم ریټ باندے بجلی مونږ پیدا کوؤ او هغه مونږ ته ټولو نه، یو روپئ نه هم کم یونټ باندے مونږ هغه بجلی جوړوؤ او هغوی په شل روپئ باندے یو یونټ جوړوی، د هغے باوجود مونږ د هغوی برابر ریټ ایښودے دے نو مونږ سره زیاتے هم کیږی، زمونږ لوډ شیډنگ هم کیږی، مونږ د بجلی ټولو نه کم ریټ باندے جوړوؤ، هغه هم مونږ نه اخلی او څنگه چه د گیس خبره اوکړله، ستاسو په علم کښے دا خبره هم راولم چه دا هائی کورټ کښے چیمبر آف کامرس والوWritکړے وو چه زمونږ گیس، مونږ خپل

هغه آرټیکل 145 لاندے چه زمونږ دا حق دے چه زمونږ صوبه زیات گیس پیدا کوی، پکار دا ده چه زمونږ دلته د لوډ شیډنگ او نه شی۔ حساب کتاب مو چه اوکړو نو مونږ خپل چه کوم استعمالوؤ تقریباً Two hundred and something او مونږ پیدا کوؤ Three hundred and something نو هغه هائی کورټ آرډر هم کړے دے چه دے صوبه کښے به د گیس لوډ شیډنگ نه وی، هغے باوجود لوډ شیډنگ روان دے او هغوی بیا هائی کورټ ته تلی دی او د دے Contempt of Court نوټس هم ورته ملاؤ شویدے نو هغه جی ایم صیب بله ورځ کورټ کښے پیش شوے هم وو، هغه څه خپل Reason اوښودلو چه یره جی پرابلم دا دے چه دا یخنی چه زیاته شی نو دا گیس اوبه شی پائپونو کښے او په دے وجه باندے تکلیف دے۔ مونږ خپله ټول، زه تاسو ته څه خبره اوکړم چه خدائے شاهد دے چه سحر مے په یخو اوبو سره اودس کړے دے۔ زما کور کښے هم گیس نه وو نو دا تکلیف شته، ټولے صوبه کښے شته او زه دا ریکویسټ کوم او زه ستاسو دے ټول هاؤس د طرف نه مرکز ته خواست کوم چه مهربانی اوکړئ بجلی ټولو نه زیاته مونږ پیدا کوؤ، ټولو نه کم ریټ کښے مونږ پیدا کوؤ نو پکار دا ده چه مونږ سره زیاتے او نه شی۔ گیس ټولو نه زیات مونږ پیدا کوؤ، پکار دا ده چه زمونږ دلته لوډ شیډنگ او نه شی۔ مونږ Agree کوؤ او که دوئ یو قرارداد راوړی، مونږ Unanimously قرارداد به پرے پاس کړو۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: محمد علی خان، نه هغه ستاسو سبجیکټ فیډرل سبجیکټ دے۔

جناب محمد علی خان: دا جی فیډرل دے خو چه خبره دا جی، هغه ځائے نه خو ایشو شوے دے، دے جی ایم سره صرف پاتے دے، پښاور کښے چه کوم جی ایم دے۔

جناب سپیکر: دا د ټی بریک کښے به زه ورته وایمه، دا تاسو وروستو ماته راشئ جی۔ عبدالاکبرخان۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر صیب، پوائنټ آف آرډر جی۔

جناب سپیکر: میاں صاحب، څه دی بیا؟

وزیر اطلاعات: ډیره اهم خبره ده جی۔ دا سے ده جی چه تاسو به دا خبره اوریدلے وی چه وزیر اعظم صیب پرون د پیټرولیم مصنوعاتو کښے چه کوم زوړ ریټونه وو نو د هغے د بحال کیدو اعلان ئے کړے دے ، مونږ د دے خیبر پختونخوا د اسمبلئ د طرف نه د وزیر اعظم صیب دے اقدام ته ډیر په ښه نظر ګورو ، دا د عوامو د احساساتو ، د جذباتو عکاسی وه او زه بذات خود په دے وخت کښے چه د وزیر اعظم صیب او زمونږ اسفند یار ولی خان صیب هم په دے کښے شکریه ادا کړے ده ، زه د هغه د دے Role ستائنه کوم چه هغه د اپوزیشن لیډرانو سره هم او د اقتدار د لیډرانو سره چه کوم دے نو هغوی په شریکه خبره کړے وه او مفاهمت ئے پیدا کړو ، لهذا په هغے کښے زمونږ د مسلم لیګ (ن) چوهدری نثار صیب او د ایم کیو ایم ملګری په دے باندے رضا وو او دا کار په شریکه باندے اوشو نو د هغے دوه فائدے دی، یو عوامی فائده ده چه عام غریب خلقو ته، اولس ته فائده ده چه دا زمونږ فریضه ده ، بل چه کوم مصنوعی طور په اسلام آباد کښے سیاسی فضا ډیره ګرمه شوے وه او خلقو کوشش کوؤ چه د دے ګرمے فضا نه چه کوم دے ناجائزه فائده واخلی، هغه فضا هم ورسره یخه شوه، Defuse شوه، لهذا اوس که تاسو کتلی وی نود مخکښے په نسبت نن دا یو ورځ نیمه ډیره په سکون او په آرام وه۔ خدا ئے د اوکړی چه زمونږ دغه رنګ په وطن کښے د جمهوریت بالادستی هم وی، دعوامو مسئلے هم حل کیږی او سیاسی لیډران که د اپوزیشن وی که د اقتدار دی چه هغوی دے قومی مسئلو ته نظر کوی، لهذا زه په دے کښے خپل زمونږ مشر اسفند یار ولی خان صیب ته او مرکزی حکومت، صدر او وزیراعظم صیب ته او د اپوزیشن ټولو مشرانو ته مبارکباد پیش کوم چه د وخت د مناسبت سره هغوی ډیره ټهیک فیصله کړے ده ، مونږ ئے Appreciate کوؤ۔

Mr. Speaker: Thank you. Abdul Akbar Khan, to please move for leave of the House to introduce the Khyber Pakhtunkhwa Education & Health, Postings, Transfers, Deputation and Temporary Appointments Regularity Bill, 2011, under rule 77 of the Procedure and Conduct of Business Rules, 1988. Abdul Akbar Khan, please.

Mr. Abdul Akbar Khan: Thank you, Janab Speaker. I beg to move that leave may be granted under rule 77 to introduce the Khyber

Pakhtunkhawa, Education and Health, Postings, Transfers, Deputation and Temporary Appointments Regulatory Bill, 2011.
Mr. Speaker: The motion before the House-----

جناب بشیر احمد بلور {سینئیر وزیر (بلدیات)}: پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب۔

سینئیر وزیر (بلدیات): زما یو ریکویسټ دے سپیکر صیب چه دے باندے مونږ ډسکس کوؤ او ما ریکویسټ کړے دے چه دا ډیفر کړئ نو په دے باندے مونږ خپلو کښے به کښینو او یو صحیح هغه به جوړ کړو، بیا به ئے راؤړو نو هغه به تاسو مهربانی اوکړئ، زه ریکویسټ کوم تاسو ته هم او عبدالاکبرخان ته هم چه مونږ دا ډیفر کړو، هاؤس نه تپوس اوکړئ، زه خواست کوم چه دوئ پخپله، ریکویسټ کوم چه دوئ د دا ریکویسټ اوکړی چه دا د-----

جناب سپیکر: دا خو بله ورځ تاسو نه ما تپوس اوکړو، په هغے باندے مونږ واغستو۔

سینئیر وزیر (بلدیات): جی؟

جناب سپیکر: دے هاؤس نه ما تپوس کړے وو، د گورنمنټ نه-----

سینئیر وزیر (بلدیات): هغه نن پیش کوی بس، زه خواست کوم دوئ ته چه دا د مهربانی اوکړی، دا د ډیفر کړی۔

جناب سپیکر: جی عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: تھینک یو، جناب سپیکر۔ تاسو ته چه ښنگه پته د ه، آپ کو معلوم ہے جی کہ یہ بہت انتہائی Important بل ہے اور یہ بہت سوچ و بچار کے بعد ہم نے اور آپ سب نے بنایا ہے لیکن اگر حکومت چاہتی ہے کہ اس کو مزید اور بھی کرے تو مجھے تو اعتراض نہیں ہے لیکن جناب سپیکر، بہت محنت کی گئی ہے اور سمجھیں جی، کہ حکومت کروڑوں روپے ایک انسٹی ٹیوشن پر خرچ کرتی ہے لیکن اس میں پھر ڈاکٹر نہیں ہوتا، کروڑوں روپے کالجز پر خرچ کئے جاتے ہیں لیکن پھر کالج میں لیکچرر نہیں ہوتا، سکول میں استاد نہیں اور بالکل بچے اس طرح، لیکن میں اس پر Insist نہیں کرتا اگر گورنمنٹ کی یہ خواہش ہے تو It should be deferred۔

جناب سپیکر: ہمارے ہیلتھ منسٹر صاحب نہیں ہیں، وہ آپ کے اس بل کا سہارا لیکر میرے معزز محرکین سے ہر وقت جان چھڑاتے ہیں۔

سینئیر وزیر(بلدیات): جناب سپیکر، اس بل کو پھر سے لے آئیں گے، ہماری خواہش ہے کہ اس کو ہم کیبنٹ میں لے جائیں، ذرا اس کو اچھے طریقے سے پھر دوبارہ Reconsider کر کے پھر انشاء اللہ لائیں گے اور میں انشاء اللہ اسی سیشن میں وعدہ کرتا ہوں کہ اسی سیشن میں انشاء اللہ ہم اس کو لائیں گے۔ ہمیں احساس ہے کہ دور دراز کے علاقوں میں کروڑوں روپے بلڈنگوں پہ خرچ ہوتے ہیں، ہسپتالوں پہ خرچ ہوتے ہیں، سکولوں پہ خرچ ہوتے ہیں اور ہمارے ڈاکٹر صاحبان وہاں نہیں جاتے ہیں، ہمارے اساتذہ صاحبان نہیں جاتے، ہمارے لیکچرر صاحبان نہیں جاتے، تکلیف ہے اور وہاں کے لوگوں کو تکلیف ہے، وہاں ایجوکیشن نہیں ہو رہی، ہیلتھ کے انتظامات نہیں ہیں مگر میں یہ ریکویسٹ اس لئے کر رہا تھا کہ اس کو ذرا ہم لے جانا چاہتے ہیں کیبنٹ میں اور اس کے بعد لائیں گے انشاء اللہ اور مجھے یقین ہے کہ یہ ہماری ریکویسٹ جو ہے، وہ مہربانی کر کے Accept کریں گے۔

سید محمد صابر شاہ: پوائنٹ آف آرڈر سر۔ سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی پیر صابر شاہ صاحب۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر! ابھی ابھی میں نے دیکھا کہ عبدالاکبر صاحب نے جو Bill propose کیا ہے، ابھی اس کو میں نے تفصیلاً نہیں پڑھا لیکن اس پہ جو ایک طائرانہ نظر میں نے دوڑائی ہے اور سچی بات یہ ہے جی کہ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو اتنی بڑی اس بل سے ایک مدد مل سکتی ہے اور ایک بہت بڑا مسئلہ، میں صرف اتنا کہونگا کہ پشاور کا مسئلہ اور ان دور دراز علاقوں کا جہاں پہ، میں اپنے Constituency کی بات کرتا ہوں جیسے امازئی ہے، بیٹ گلی ہے، میرا اتناول کا علاقہ ہے، اسی طرح دوسرے ہمارے جو Remote areas ہیں، جہاں پہ سکولز میں سالوں سال ٹیچرز نہیں جا رہے تو جناب ہمارے سکولز بند ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ جو طریقہ کار ہے اپوائنٹمنٹ کا، ہم نے اس میں رکھا تھا کہ یونین کونسل کی سطح پہ آپ ٹیچرز کو Appoint کریں، اس میں پھر جو Percentage رکھی گئی، میرے خیال میں 60 اور 40 کی رکھی گئی، حالانکہ ہونا یہ چاہیئے جناب کہ یہ Hundred percent یونین کونسل کی سطح پہ ہو جی، تو میں کہہ رہا ہوں کہ بجائے اس کے کہ Technically اس کو دوبارہ ڈیفر کر کے اور پھر ایک لمبے Process سے ہم گزریں اور جناب سپیکر، میں یہ بھی گزارش کروں کہ جو سابقہ ہمارا تجربہ ہے، میں بلور صاحب سے بھی کہتا ہوں، جو سیاسی حالات ہوتے ہیں، اکثر یہ ہوتا ہے کہ یہ اس قسم کے اہم ہمارے بل جو ہوتے ہیں، وہ ڈیفر ہوتے ہیں اور پھر آتے آتے جب ان کی واپسی کی باری ہوتی ہے تو

سسٹم جو ہوتا ہے یا اسمبلیاں جو ہوتی ہیں، ان کو کسی کی نظر لگ جاتی ہے، تو میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ بجائے اس کے کہ اس کو آپ ڈیفر کر کے اور پھر آپ کیبنٹ میں لے جائیں، ہم اس پر بیٹھ جاتے ہیں، تمام پارلیمانی پارٹیز کے لیڈرز کو بٹھائیں، اس کو Process میں ڈالنے سے بہتر ہے کہ ہم بیٹھ کے ایک ایک پوائنٹ پہ جہاں حکومت کی مشکلات ہوتی ہیں، ہم تعاون کریں گے لیکن خدا کیلئے اس کو آپ ڈیپ فریزر میں نہ ڈالیں جی، اس کو آگے کریں، اس صوبے کیلئے، ہمارے نظام کیلئے، اس سسٹم کیلئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک بنیاد فراہم کرتا ہے اس کو ہمیں لمبے Process نہیں ڈالنا چاہیئے۔

<u>سینیئر وزیر (بلدیات)</u>: سپیکر صاحب۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی بشیر بلور صاحب۔ پیر صابر شاہ صاحب، یہ جو تھا نا، یہ پارلیمانی لیڈروں کی کمیٹی سے ہو کے آیا ہے۔

<u>سینیئر وزیر (بلدیات)</u>: سپیکر صاحب، میں شکر گزار ہوں صابر شاہ صاحب کا اور یہ آپ کی قیادت میں ایک کمیٹی تھی اور اس میں سارے پارلیمانی لیڈرز موجود تھے اور صابر شاہ صاحب نے یہ کہا ہے کہ پھر خدانخواستہ نظر لگ جاتی ہے، وہ نہیں ہو گا انشاء اللہ، میں ان کو تسلی دیتا ہوں کہ انشاء اللہ حکومت پانچ سال پورے کرے گی اور انشاء اللہ یہ اسمبلیاں بھی قائم دائم رہیں گی اور انشاء اللہ، انشاء اللہ ہمیں یقین ہے خدا کے فضل سے کہ ہمیں قوم نے ووٹ دیا ہے اور انشاء اللہ ہم اس صوبے میں، پاکستان میں اور صوبے میں ہمیں پانچ سال کیلئے لوگوں نے Elect کیا ہے اور انشاء اللہ یہ بل میں وعدہ کرتا ہوں کہ انشاء اللہ اسی سیشن میں ہم کوشش کریں گے کہ لے آئیں اور صابر شاہ صاحب کو آج سے ساٹھ سال تک یہ خیال نہیں تھا؟ یہ اتنا کچھ جو ہو گیا ہے، یہ تو ہماری حکومت نے یہ کوشش کی اور اس چیز کو ہم سامنے لائے ہیں تو یہ خود بھی وزیر اعلیٰ اس وقت رہے ہیں، چاہیئے تھا کہ اس وقت یہ کر دیتے، یہ کریڈٹ ہمیں جاتا ہے کہ ہم ہر چیز پر نظر رکھتے ہیں اور خدا کے فضل سے اس کو ہم لیکر آئے ہیں اور آپ کی قیادت میں یہ کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے۔ میں پھر یہ ریکویسٹ کرتا ہوں۔۔۔۔

<u>سید محمد صابر شاہ</u>: کریڈٹ آپ لے لیں، کریڈٹ آپ کا ہوا لیکن خدا کیلئے اس کو پاس کریں، جو بھی کریڈٹ ہو وہ آپ لے لیں۔

<u>سینیئر وزیر (بلدیات)</u>: ہاں انشاء اللہ ہم پاس بھی کریں گے اور یہ صابر شاہ صاحب جو ہیں، بدقسمتی یہ ہے کہ خود وزیر اعلیٰ رہے ہیں، چاہیئے یہ تھا کہ اس وقت یہ کرتے، یہ پاس کراتے۔ یہ کریڈٹ ہمارے وزیر تعلیم کو

جاتا ہے، یہ کریڈٹ ہمارے منسٹر کو جاتا ہے، یہ کریڈٹ آپ کو جاتا ہے جناب سپیکر صاحب، کہ آپ لوگوں نے بیٹھ کر یہ فیصلہ کیا ہے اور انشاء اللہ اس کو ہم Implement کریں گے۔

سید محمد صابر شاہ: بس جی آپ یہ کریڈٹ لے لیں لیکن اسے پاس کر دیں اور جو بھی کریڈٹ ہے، وہ آپ لے لیں۔

(قطع کلامیاں)

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر! اجازت دے ؟

جناب سپیکر: جی، میاں افتخار صاحب۔

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر صیب، زہ دے مشرانو تہ لږ خواست کومہ دپیر صیب خو ډیرہ لو یہ تجربہ دہ او زمونږ وزیر اعلیٰ صیب پاتے شوے دے، چہ کلہ دا سے یو سپیکر خبرہ کوی نو سړے پہ تحمل سرہ واوری او بیا بنہ بنکلے جواب ورکړی، پہ خلقو ډیر خوږ لګی۔ دوئ چہ دا خبرے کوی نو خلق، بنہ دہ چہ هغہ زمونږ میلمانہ لاړل ګنی هغوی بہ وئیل چہ اسمبلئ کبنے دا پوزیشن وی؟ نو لږ خیر دے ګزارہ بنہ شے دے او د پیر صیب بالکل د زړہ د کومی نہ بہ خبرے منو۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر۔ آپ کو معلوم ہے کہ اس بل کی تیاری میں کتنی محنت، کتنا ٹائم اور کتنی انرجی ہم سب نے Waste کی ہے؟ جناب سپیکر، میں سمجھتا ہوں کہ یہ انتہائی اہم لیجسلیشن میں ایک لیجسلیشن ہے لیکن اگر حکومت چاہتی ہے اس کو کہ ہم اس کو کیبنٹ کے ذریعے سے لے آئیں تو میں اس کا کریڈٹ نہیں لینا چاہتا، ٹھیک ہے جناب سپیکر، لیکن بشیر خان نے جس طرح کہا کہ اسی سیشن میں لائیں گے تو اس Commitment کے ساتھ اور اس ایشورنس اور اس Promise کے ساتھ کہ اسی سیشن میں لائیں گے، میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ فی الحال اس کو Postpone کر دیں، ڈیفر کر دیں۔

سینیئر وزیر (بلدیات): شکریہ جناب سپیکر۔ میں عبدالاکبر خان سے وعدہ کرتا کہ اسی سیشن میں یہ لانے کی کوشش کریں گے۔

جناب سپیکر: نہیں۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، کوشش کریں گے جی، یہ پھر کوشش کی بات کرتے ہیں، میں آپ سے -----

سینیئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب-----

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر-----

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں، آپ سارے بیٹھ جائیں۔ (شور) نہیں نہیں، آپ بیٹھ جائیں۔
یہ جو ابھی بل پیش ہوا ہے، اس میں میں خود بھی Involve ہوں، It is only deferred for one week اور 11th پہ کیبنٹ میٹنگ ہو رہی ہے، اس میں ڈسکس کر لیں، بابک صاحب 11th پہ آپ کی کیبنٹ میٹنگ ہے۔

سینیئر وزیر (بلدیات): سپیکر صیب، مهربانی اوکړئ مونږ باندے دا قدغن مه لګوئ، دا به څنګه کیبنټ پاس کوی؟ هغے نه پس د دے به هغه کیږی، دا سے مهربانی اوکړئ مونږ باندے یو دغه مه لګوئ-----

جناب سپیکر: نه جی۔

سینیئر وزیر (بلدیات): او جی، زه دا خواست کوم چه زه وایم چه هم د ے سیشن کښے به انشاء الله دا راوالو، We will make it for one week۔

جناب سپیکر: بشیر بلور صیب، بشیر بلور صیب، په دے باندے شپاړس میټنګونه شوی دی۔

